قرآنی معلومات پر مشتمل

# ۱۵۴۰ سوالات کے جواب



تالیف

بلال حسین جعفری

ناشر

ادارۂ تعلیم و تربیت لاہور

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

رحمت اللہ بک ایجنسی
کاغذی بازار میٹھادر کراچی ۷۴۰۰۰
فون: 2431577

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# قرآنی معلومات پر مشتمل

## (1540) سوال و جواب

تالیف:
بلال حسین خان جعفری

ادارہ تعلیم و تربیت لاہور

www.ziaraat.com
Sakina-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

**جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں**

نام کتاب: قرآنی معلومات پر مشتمل سوال و جواب

تالیف: شیخ بلال حسین خاں جعفری

نظر ثانی: وزیر عباس حیدری مظفر نگری

ناشر: ادارہ تعلیم و تربیت لاہور

تعداد: 500

قیمت: ..................

ملنے کا پتہ

مکتبۃ الرضا

8۔ بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ

اردو بازار لاہور فون: 042/7245166

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ﴿انتساب﴾

درج ذیل حدیث سے منسوب:

انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللّٰہ

و عترتی ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا

بعدی ابدا حتی یرد علی الحوض

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# فہرست مضامین

حرف اول..........................................۱۱

فصل اول..........................................۱۵

قرآن کی آیات، نقاط، حزب، تشدید، زیر وزبر اور پاروں کی تعداد سے متعلق

فصل دوم..........................................۱۹

عمومی، اسلامی اور خود قرآن کے سلسلے میں اہم معلومات

فصل سوم..........................................۲۳

قرآن کے سوروں سے متعلق چند معمے

فصل چہارم..........................................۴۳

قرآن کی آیات میں الٰہی عجائب

www.Ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

فصل پنجم ............ ۵۵

قرآن میں پیغمبروں کے عبرت آمیز واقعات

فصل ششم ............ ۶۷

قرآن میں ان چیزوں کی طرف اشارہ جو کسی ایک اعتبار سے
دوسری چیزوں پر مقدم ہیں یا سب سے پہلے وجود میں آئیں

فصل ہفتم ............ ۷۷

قرآن میں ان چیزوں کی طرف اشارہ جو کسی ایک اعتبار سے
دوسری چیزوں پر موخر ہیں یا سب سے آخر میں رونما ہوئیں

فصل ہشتم ............ ۸۱

قرآن میں بعض اہم الفاظ وکلمات کا ذکر

فصل نہم ............ ۸۵

نیک کردار اور بدکردار عورتوں کے متعلق

فصل دہم ............ ۸۹

شخصیات، اصحاب، قبیلے، حیوانوں اور مکانوں کے بارے میں

فصل یازدہم ............ ۱۲۱

ناموں کے متعلق

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

فصل دوازدہم ........................ ۱۳۹

قرآن کا سورے اور آیات کے اعتبار سے مختصر جائزہ اور یہ کہ سورہ مکی ہے یا مدنی

فصل سیزدہم ........................ ۱۷۹

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق

فصل چہاردہم ........................ ۱۸۳

حروف تہجی کی تعداد اور وہ کتنی کتنی بار قرآن میں آئے ہیں

فصل پانزدہم ........................ ۱۸۷

سورے کی وجہ تسمیہ اور ان کے مطالب ومضامین کا خلاصہ

فصل شانزدہم ........................ ۲۲۵

کون سا سورہ کون سے حرف سے شروع ہوا، اس میں کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟ نیز قرآن کی آیات اور سوروں کے بارے میں دیگر ضروری معلومات


Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# عرض ناشر

دنیا آج جس قدر تیز رفتاری سے ترقی کر رہی ہے ایسی رفتار کے ساتھ معاشرہ اخلاق باختگی کا شکار ہو رہا ہے اور ثقافتی یلغار کی وجہ سے ہماری نوجوان نسل دین و مذہب سے دور ہوتی جارہی ہے۔ انٹرنیٹ' کیبل' CDS اور میڈیا کے دیگر ذرائع کی وجہ سے کتاب بینی میں دلچسپی ختم ہوتی جارہی ہے۔ ایسے حالات میں جب کتابیں پڑھنے کا شوق ناپید ہو رہا ہو' کتابیں شائع کرنا کافی مہنگا شوق ہے۔ آپ کے ہاتھوں میں موجود کتاب جس کا عنوان ''قرآنی معلومات پر مشتمل سوال و جواب'' بے حد معلوماتی اور دلچسپ کتاب ہے۔ جسے ہر عمر اور طبقہ کی ضرورت کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

قرآنی سوالات اور جوابات پر مشتمل یہ خوبصورت کتاب ہر گھر کی ضرورت ہے۔ کتاب کے مصنف بلال حسین جعفری نے بڑی عرق ریزی سے قرآنی سوالات اور جوابات کو مرتب کیا ہے۔ ادارہ تعلیم و تربیت کتاب کی اشاعت کا اعزاز حاصل کر رہا ہے۔ اس سے قبل چہاردہ معصومینؑ سے

Presented by Ziaraat.Com

متعلق معلومات پر مشتمل خوبصورت کتاب ''تذکرۃ المعصومینؑ'' کو شائع کیا گیا جسے عوام و خواص نے بے حد سراہا۔

امید ہے کہ قارئین اس کتاب کو بھی بے حد پسند کریں گے اور اپنے گھر کی ضرورت سمجھتے ہوئے ذاتی لائبریریوں کی زینت بنائیں گے۔ تاکہ آئندہ آنے والی نسل تک علم و دانش کی امانت منتقل ہو۔

ادارہ

www.Ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# حرف اول

بسم اللّٰہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم. الحمد للّٰہ ربِّ
العَالَمینَ والصَّلاۃ والسَّلام علیٰ مُحمّد وَآلِہ
الطَّاہِرینَ المَعصُومینَ المَظلُومِینَ امَّا بَعدُ:

قرآن ایک آسمانی کتاب ہے کہ جس میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ہے ﴿لا رطب و لا یابس الا فی کتاب مبین﴾ کا مصداق ہے قرآن، کلام الٰہی، عزت وسر بلندی اور ترقی کا سر چشمہ ہے،

"لیظھر علی الدین کلہ" اور "اکملت لکم دینکم ورضیت لکم الاسلام" کی نوید ہے۔

یہ دستورالعمل ایسا ہے جو تا قیامت باقی رہے گا، ہر زمانے میں انسان کا ہادی اور رہنما ہے، صراط مستقیم کی دعوت دیتا ہے، اس کے نزدیک امیر وغریب، مرد وعورت، پیر وجواں اور حاضر وغائب میں کوئی فرق نہیں ہے

Presented by Ziaraat.Com

یہ سب کی یکساں اور اس کے اعتبار سے ہدایت کرتا ہے۔

یہاں تک کہ اس کے اندر تہذیب و اخلاق اور تمدن یعنی کھانے، پینے، چلنے، جاگنے، سونے، اٹھنے، بیٹھنے، رشتہ داری اور قرابتداری، میل جول اور لین دین سے متعلق تمام مسائل بیان کئے گئے ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ اس آسمانی کتاب میں عبادات و معاملات کے قوانین موجود ہیں۔

اس سے بالاتر یہ کہ خود قرآن کریم نے ان لوگوں کی ضمانت لی ہے جو اسے اپنی عملی زندگی میں اپنائے۔

تنہا قرآن اور قانون اسلام کی کتاب ہی نہیں جس کو وارث کتاب سے سمجھنے کے لئے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس حدیث پر عمل کرنا ہوگا "انی تارک فیکم الثقلین کتاب الله و عترتی ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا بعدی ابدا" میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں کتاب اور میری عترت اگر تم ان سے وابستہ رہو گے تو کبھی گمراہ نہ ہونگے بلکہ دنیا کے قانون کی ہر کتاب کو سمجھنے کے لئے صاحب کتاب یا وارث کتاب کا سہارا ضروری ہے۔

دنیاوی اور اخروی سعادتوں کو پانے کے لئے اسلام کے قانون کی کتاب قرآن کریم پر عمل کے لئے صاحب کتاب یا وارث کتاب کا ہونا اشد ضروری ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

یہ وہ کتاب ہے جس میں ہر خشک وتر کا ذکر موجود ہے اور وارث کتاب بھی دعوائے ''سلونی سلونی قبل ان تفقدونی'' کر کے اس بات کی طرف توجہ دلا رہا ہے کہ اس کتاب کے تمام رموز وارث کتاب ہی بتا سکتا ہے اسی طرح کتاب نے وارث کتاب کی تائید وتوثیق کی اور فرمایا:''کل شی احصیناہ فی امام مبین''

سورہ یاسین آیت ۱۲

اور رسول گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

القرآن مع علی والعلی مع القرآن۔

دنیا کے جتنے بھی علوم ہیں وہ سب قرآن سے حاصل کئے گئے ہیں۔

قرآن میں قیامت تک کے حالات، اوراس کے راز بیان ہوئے ہیں اس کا ایک ظاہر ہے اور سات یا ستر باطن ہیں، جن کو وارث کتاب ہی سمجھ سکتا ہے۔

کوشش کی کہ قرآنی معلومات پر مشتمل سوال و جواب مرتب کئے جائیں کہ جن کو احادیث سے بھی باآسانی سمجھا جاسکے۔

خدا سے دعا ہے کہ ہمیں قرآن کو سمجھنے، سمجھانے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اس سلسلے میں مولانا وزیر عباس حیدری مظفرنگری کا شکرگزار ہوں کہ

Presented by Ziaraat.Com

انھوں نے اس کتاب پر نظر ثانی کی اور اس کو مرتب و منظّم کیا۔

ادارہ تعلیم و تربیت کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے اسے شائع کرنے کی ذمہ داری اپنے کاندھوں پر لی۔ خدا اس کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔

شیخ بلال حسین جعفری حوزہ علمیہ قم
۱۷؍ربیع الاول ۱۴۲۶ھ ق

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# فصل اول

## قرآن کی آیات، نقاط، حزب، تشدید، زیر وزبر اور پاروں کی تعداد سے متعلق

سوال ۱.  قرآن کے کتنے سورے ہیں؟

جواب:  ۱۱۴ر سورے

سوال ۲.  قرآن کی کتنی آیات ہیں؟

جواب:  ۶۶۶۶ یا ۶۲۳۶ آیات ہیں۔

سوال ۳.  قرآن میں کتنے نقطے ہیں؟

جواب:  ۱۰۱۵۳۰ر نقطے ہیں۔

سوال ۴.  قرآن میں کتنی بار فتحہ (زبر) آیا ہے؟

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

جواب: ۹۳۲۴۳/ بار

سوال ۵. قرآن میں لفظ ایوب کتنی بار آیا ہے؟

جواب: پانچ بار

سوال ٦. قرآن میں کتنی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے؟

جواب: ۱۱۴/ مرتبہ۔

سوال ۷. قرآن میں وقف کے محل کی تعداد کتنی ہیں؟

جواب: قرآن میں وقف کی تعداد ۵۰۹۸/ ہے۔

سوال ۸. قرآن میں کتنے حزب ہیں؟

جواب: قرآن میں ۱۲۰/ حزب ہیں۔

سوال ۹. قرآن میں کتنی بار کسرہ (زیر) آیا ہے؟

جواب: ۳۹۵۸٦/ بار۔

سوال ۱۰. قرآن میں کتنی بار تشدید آئی ہے؟

جواب: ۱۹۲۵۳/ بار۔

سوال ۱۱. قرآن کے کل کتنے حروف ہیں؟

جواب: قرآن کے کل ۳۲۳٦۷/ حروف ہیں۔

سوال ۱۲. قرآن میں کتنی بار ضمہ (پیش) آیا ہے؟

جواب: ۴۸۰۸/ بار۔

سوال ۱۳. قرآن میں کتنی بار مد آیا ہے؟

جواب: ۱۷۷۱/ بار۔

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۔ قرآن میں صرف بسم اللہ کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۱۱۵/بار۔

سوال ۱۵۔ قرآن کے کتنے پارے ہیں؟

جواب: قرآن کے کل ۳۰/پارے ہیں۔

سوال ۱۶۔ قرآن کے کتنے کلمات ہیں؟

جواب: قرآن کے ۷۷۷۰۱/کلمہ ہیں۔

سوال ۱۷۔ قرآن میں کتنی بار ہمزہ آیا ہے؟

جواب: ۳۲۷۲/بار۔

سوال ۱۸۔ قرآن میں لفظ قرآن کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۷۰/بار۔

سوال ۱۹۔ قرآن میں لفظ امام کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۱۲/بار۔

www.Ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# فصل دوم

# عمومی، اسلامی اور خود قرآن کے سلسلے میں اہم معلومات

سوال ۲۰. قرآن کا سب سے بڑا سورہ کونسا ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ۔

سوال ۲۱. قرآن میں پینے والی چیزوں میں سے کون سی چیز کا ذکر ہے؟

جواب: قرآن میں پینے والی چیزوں میں دودھ شراب، پانی کا ذکر ہے۔

سوال ۲۲. قرآن کا سب سے چھوٹا سورہ کونسا ہے؟

جواب: سورہ کوثر ہے۔

سوال ۲۳. قرآن میں اہم ترین آیت کون سی ہے؟

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: آیۃ الکرسی۔

سوال ۲۴. قرآن میں سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ کی ۲۸۲/ آیت۔

سوال ۲۵. کون سی آیت کو عظیم ترین آیت کہا گیا ہے؟

جواب: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

سوال ۲۶. سب سے چھوٹا کلمہ قرآن میں کونسا ہے اور کون سے سورے میں ہے؟

جواب: ''بسم'' میں باء سب سے چھوٹا کلمہ ہے۔

سوال ۲۷. قرآن میں سب سے اچھی کھانے والی چیزوں میں کس چیز کا ذکر ہے؟

جواب: شہد کا۔

سوال ۲۸. عدالت کا حکم کون سی آیت میں آیا ہے؟

جواب: ان اللہ یامر بالعدل و الاحسان...

سوال ۲۹. خوفناک آیت کہ جس میں انسان کو خوف ہوتا ہے؟

جواب: ﴿فَمَنْ یَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَرَہ . وَمَنْ یَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَرَہ﴾ سورۂ زلزال

سوال ۳۰. قرآن میں نفرت آمیز حلال کام کونسا ہے؟

جواب: طلاق

سوال ۳۱. قرآن میں سب سے چھوٹی آیت کون سی ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: الم، مدھمتان

سوال۳۲ قرآن میں امید بخش آیت کون سی ہے؟

جواب: ﴿یا عباد الذین اسرفوا علیٰ انفسھم لا تقنطوا من رحمة الله﴾

سوال۳۳. قرآن میں عدد کے اعتبار سے سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟

جواب: سورۂ صافات آیت ۱۴۷/

سوال ۳۴. سب سے بڑا کلمہ قرآن کے کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: فاسقیناکموہ

سوال ۳۵. قرآن میں سب سے زیادہ کونسا کلمہ استعمال ہوا ہے؟

جواب حرف ''الف''

سوال۳۶. قرآن میں سب سے کم کونسا حرف استعمال ہوا ہے؟

جواب: حرف ظاء

سوال ۳۷ قرآن میں اہم ترین رات کون سی ہے؟

جواب: شب قدر

سوال۳۸. قرآن میں سب سے با فضیلت مہینہ کونسا ہے؟

جواب: ماہ رمضان

سوال ۳۹. اس سب سے بڑے حیوان کا کیا نام ہے جس کا ذکر قرآن میں آیا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: فیل ''ہاتھی''

سوال ۴۰. اس سب سے چھوٹے حیوان کا کیا نام ہے جس کا ذکر قرآن میں آیا ہے؟

جواب: چیونٹی

سوال ۴۱. قرآن میں سب سے بڑے کلمہ کے کتنے حروف ہیں؟

جواب: ''فاسقیناکموہ'' کے ۱۱/حروف ہیں

سوال ۴۲. قرآن میں سب سے چھوٹے کلمہ کے کتنے حروف ہیں؟

جواب: حرف باء ''ب''

سوال ۴۳. قرآن کے سب سے بڑے سورہ کے کتنے حروف ہیں؟

جواب: ۲۵۵۰۰/حروف

سوال ۴۴. قرآن کے سب سے چھوٹے سورہ کے کتنے حروف ہیں؟

جواب: ۴۲/حروف

سوال ۴۵. قرآن کے اہم ترین سورہ کا کیا نام ہے؟

جواب: یاسین

سوال ۴۶. قرآن کے کون سے پارے میں مکی سورے زیادہ ہیں؟

جواب: ۳۰/ویں پارے میں۔ اس میں تین سورے مدنی اور باقی سورے مکی ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

# فصل سوم

# قرآن کے سوروں سے متعلق چند معمے

سوال ۴۷۔ وہ کونسا سورہ ہے جس کا نام اس کی پہلی آیت سے لیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ نصر، فیل، قریش، منافقون، کوثر، الم نشرح، واقعہ، زلزال، تین، الیل، رحمٰن، مدثر، مزمل ملک، الحمد، اسراء، علی، دہر، عادیات،

سوال ۴۸۔ سورۂ تبت کا دوسرا نام کیا ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

جواب: یعنی بٹی ہوئی رسی، اس کا دوسرا نام مسد ہے

سوال ۴۹۔ کونسا سورہ قرآن کی ماں کے نام سے معروف ہے؟

جواب: سورۂ حمد

سوال ۵۰۔ قرآن میں کونسا ایسا سورہ ہے، جس کے کلمات کل سورتوں کی تعداد کے برابر ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورہ تکویر ہے۔اس کے کلمات قرآن کی سورتوں کی تعداد کے برابر ہیں۔

سوال ۵۱. کتنے سورے الحمدللہ سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: پانچ سورے

سوال ۵۲. کتنے سورہ ''انا'' سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: چار سورے ''انا'' سے شروع ہوتے ہیں۔سورۂ نور ، فتح ، نوح ، قدر ، کوثر

سوال ۵۳. کونسا سورہ امام حسین کے نام سے معروف ہے؟

جواب: سورۂ فجر

سوال ۵۴.کونسا سورہ ہے جس کی آیات چودہ معصومین علیہم السلام کے برابر چودہ عدد ہیں؟

جواب: سورۂ صف

سوال ۵۵.کونسا سورہ ہے، جس کے نام پر ایران کے ایک شہر کا نام ہے؟

جواب: سورہ نور ہے جو مازندران نامی صوبہ کے ایک شہر کا نام ہے۔

سوال ۵۶.وہ کونسے سورے ہیں جو مسبحات کے نام سے مشہور ہیں؟

جواب: سورہ اسراء ، حدید، حشر، صف، جمعہ،تغابن ،اعلیٰ مسبحات کہلاتے ہیں۔

سوال ۵۷. قرآن کے مکی اور مدنی سوروں کی تعداد بتائیں؟

جواب: ۸۶ ر سورے مکی اور ۲۸ ر مدنی ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۵۸. کونسا سورہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قبیلے کے نام پر ہے؟

جواب: سورۂ قریش

سوال ۵۹. کونسا سورہ قلب قرآن معروف ہے؟

جواب: سورۂ یاسین۔

سوال ۶۰. وہ کونسا سورہ ہے، جس میں اللہ کا نام پانچ بار آیا ہے؟

جواب: سورہ حج۔

سوال ۶۱. وہ کونسا سورہ ہے، جس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علاوہ میم نہیں آیا ہے؟

جواب: سورۂ کوثر

سوال ۶۲. قرآن کے کون سے سورے "اذا" سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورۂ واقعہ، منافقون، تکویر، انفطار، انشقاق، نصر، زلزال، اذا سے شروع ہوتے ہیں۔

سوال ۶۳. وہ کونسا سورہ ہے جو اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرتا ہے؟

جواب: سورۂ اخلاص (قل ہو اللہ احد)

سوال ۶۴. کون سے سورے عزائم کے نام سے معروف ہیں؟

جواب: سورۂ سجدہ، فصلت، نجم، علق

سوال ۶۵. وہ کونسا سورہ ہے جو ایک حکیم کے نام سے معروف ہے؟

جواب: سورہ لقمان

سوال ۶۶. وہ کونسا سورہ ہے، جس میں بسم اللہ کے علاوہ ایک دفعہ زیر

Presented by Ziaraat.Com

استعمال ہوا ہے؟

جواب: سورۂ اخلاص (توحید) فقط لم یلد میں زیر ہے۔

سوال ۶۷. کونسا سورہ نماز کی تعداد کے برابر ہے؟

جواب: سورۂ طارق

سوال ۶۸. ان سوروں کی کتنی تعداد ہے جن کا نام حرف الف سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: جن سوروں کا نام حرف الف سے شروع ہوتا ہے وہ ۱۴ ہیں۔
آل عمران، احزاب، اخلاص، اعراف، اعلیٰ، انفال، انبیاء، انشقاق، احقاف، انعام، اسراء، ابراہیم، انشرح، انفطار

سوال ۶۹. کون سے سورے یاایھا النبی سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: احزاب، طلاق، تحریم

سوال ۷۰. کون سے سورے ہیں جن کے بارے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے بوڑھا کردیا ہے؟

جواب: سورۂ ہود، واقعہ، مرسلات، نباء

سوال ۷۱. کونسا سورہ پیغمبرؐ کی جنگوں میں سے ایک جنگ کا نام ہے؟

جواب: سورۂ احزاب

سوال ۷۲. کون سے سورے میں فرعون اور اس کے لشکر کی ہلاکت کا ذکر ہے؟

جواب: سورۂ یونس

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۷۳. کونسا سورہ لوہے کے نام پر ہے؟

جواب: الحدید

سوال ۷۴. وہ کون سے اور کتنے سورے ہیں جن میں سجدہ واجب ہے؟

جواب: چار سورے ہیں جن میں سجدہ واجب ہے۔

سجدہ ، فصلت ، نجم ، علق

سوال ۷۵. کون سا سورہ اصول دین میں سے ایک اصل کا نام ہے؟

جواب: سورۂ توحید

سوال ۷۶. وہ کتنے سورے ہیں جن کے اول میں میم ہے؟

جواب: ۱۵ سورے۔ مائدہ ، مدثر ، منافقون ، مومن ، مطففین ، مرسلات ، معارج ، مجادلہ ، مومنون ، ماعون ، مریم ، محمد ، ملک ، ممتحنہ ، مزمل

سوال ۷۷. کونسا سورہ بندوں اور لوگوں کی زبان میں نازل ہوا ہے؟

جواب: الحمد

سوال ۷۸. کون سے سورے کو خداوند عالم نے دو پھلوں کے نام سے شروع کیا ہے؟

جواب: سورۂ تین

سوال ۷۹. کونسا سورہ پورے قرآن کا خلاصہ ہے؟

جواب: الحمد

سوال ۸۰. کون سے سورے میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورۂ برأت

سوال ۸۱. کون سا سورہ عروس قرآن کے نام سے مشہور ہے ؟

جواب: سورہ الرحمٰن

سوال ۸۲. وہ کون سے سورے ہیں جو حامدات کے نام سے معروف ہیں؟

جواب: سورۂ فاتحہ ، انعام ، یوسف ، فاطر ، سباء

سوال ۸۳. وہ کون سا سورہ ہے جو تمام قرآن کے برابر ہے؟

جواب: سورۂ توحید

سوال ۸۴. وہ کتنے اور کون سے سورے ہیں جو قسم سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: بیس سورے ہیں: عصر، عادیات، تین، ضحیٰ، شمس، بلد، فجر، طارق ، بروج ، نازعات، مرسلات، قیامت، نجم، طور، صافات، ن، ص، ق، لیل۔

سوال ۸۵. کتنے سورے ایسے ہیں جن کے نام میں نقطہ نہیں ہے؟

جواب: حمد، رعد ، طور ، روم ، مسد، ملک، عصر،

سوال ۸۶. کونسا سورہ ایک ہی دفعہ میں مکمل نازل ہوا ہے؟

جواب: سورۂ مرسلات

سوال ۸۷. قرآن میں کتنے سورے ہیں، جن کی ابتدا ایک حرف سے ہوتی ہے اور وہ کون کون سے ہیں؟

جواب: ۳ / سورے۔ سورۂ ق ، ص ، ن

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۸۸. کونسا سورہ فروع دین میں ایک فرع کا نام ہے؟

جواب: سورۂ حج

سوال ۸۹. کتنے چھوٹے سورے ایسے ہیں جو ایک ہی دفعہ میں مکمل نازل ہوئے ہیں؟

جواب: سورۂ کوثر، نصر، لہب ، اخلاص

سوال ۹۰. کونسا سورہ ہفتوں کے نام میں سے ایک دن کا نام ہے؟

جواب: جمعہ

سوال ۹۱. کونسا سورہ ناقۂ صالح علیہ السلام کے نام سے معروف ہے؟

جواب: سورہ شمس

سوال ۹۲. وہ کون سے سورے ہیں جو قسم سے شروع ہوتے ہیں اور دعا پر ختم ہوتے ہیں؟

جواب: سورۂ صافات

سوال ۹۳. کون سے سورہ کے دس نام ہیں؟

جواب: سورہ حمد

سوال ۹۴. کون سا سورہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دوبارہ نازل ہوا؟

جواب: سورہ حمد ایک دفعہ مکہ میں ایک دفعہ مدینہ میں

سوال ۹۵. کون سے سورے حوامیم کے نام سے معروف ہیں؟

جواب: زخرف، جاثیہ، دخان

سوال ۹۶. کون سا سورہ ایک زندہ مخلوق کے نام پر ہے جو آنکھوں

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

سے دکھائی نہیں دیتی؟

جواب: سورۂ جن

سوال ۹۷. کون سے سورے کے اول و آخر میں کلمہ اللہ ہے؟

جواب: سورۂ زمر

سوال ۹۸. کتنے سورے ہیں جن کی آیات کی تعداد چودہ معصومین علیہم السلام کی تعداد کے برابر ہے؟

جواب: سورۂ طلاق ، تحریم

سوال ۹۹. وہ کتنے سورے ایسے ہیں جن کی آیتوں کی تعداد پنجتن پاک کی تعداد کے برابر ہے؟

جواب: وہ چار سورے ہیں، جن کی آیتوں کی تعداد پنجتن پاک کی تعداد کے برابر ہے؟ جن کے نام شرح ذیل ہیں:

تین ، فلق ، لہب ، فیل ، قدر

سوال ۱۰۰. کونسا سورہ دعا پر ختم ہوتا ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ، سورہ نوح

سوال ۱۰۱. کونسا سورہ قرآن کا بارہواں حصہ ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ

سوال ۱۰۲. کونسا سورہ ایک ملک کے نام پر ہے؟

جواب: سورۂ روم

سوال ۱۰۳. کون سے سورے میں عیب جو کی مذمت کی گئی ہے؟

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورۂ ہمزہ

سوال۱۰۴. کون سے سورے میں کل آیات میں کلمۂ اللہ ہے؟

جواب: سورۂ مجادلہ

سوال۱۰۵. کونسا سورہ قرآن کے پھول کے نام سے مشہور ہے؟

جواب: سورۂ یاسین

سوال۱۰۶. کون سے سورے میں حرف "فاء" نہیں ہے؟

جواب: الحمد

سوال۱۰۷. کون سے سورے میں کلمۂ اللہ چالیس مرتبہ آیا ہے؟

جواب: سورۂ مجادلہ

سوال۱۰۸. کونسا سورہ ہفتہ کے ایک دن کا نام ہے؟

جواب: سورۂ جمعہ

سوال۱۰۹. کونسا سورہ ڈھائی پاروں پر مشتمل ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ

سوال۱۱۰. سورہ تکویر میں کلمۂ "اذا" کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۱۲/ بار

سوال۱۱۱. کون سے سورے قیامت کے نام پر ہیں؟

جواب: رعد، قیامت، واقعہ، قارعہ، نباء، زلزال، تغابن، حشر

سوال۱۱۲. کون سے سورے معوذتین کہے جاتے ہیں؟

جواب: سورۂ فلق، ناس

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۱۳۔ کون سے سورے میں دو بار سجدہ مستحبی آیا ہے؟

جواب: سورۂ حج

سوال ۱۱۴۔ قرآن کے ایسے دو سورے کون سے ہیں کہ اگر ان کو برعکس پڑھیں تو پہلی صورت کی طرح ہیں؟

جواب: سورۂ لیل، تبت

سوال ۱۱۵۔ کون سے سورے کے اول میں تعریف، درمیان میں اخلاص، آخر میں دعا ہے؟

جواب: سورۂ حمد

سوال ۱۱۶۔ کونسا سورہ المصابیح (چراغ) کے نام پر معروف ہے؟

جواب: سورۂ فصلت

سوال ۱۱۷۔ کون سا سورہ ملائکہ کی طرف منسوب ہے؟

جواب: سورۂ فاطر

سوال ۱۱۸۔ کون سے سورے میں تمام نعمتوں کا ذکر ہے لیکن حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کے احترام میں حور العین کا ذکر نہیں ہے؟

جواب: سورۂ انسان ''دہر''

سوال ۱۱۹۔ وہ کون سا سورہ ہے کہ اگر اس کا پہلا حرف ہٹا دیں تو پہلے امام حضرت علی علیہ السلام کے نام کی شبیہ بن جائے گا۔

جواب: سورۂ اعلیٰ۔

اس کے شروع سے الف ہٹانے کے بعد حضرت علی علیہ السلام کا نام بنتا ہے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۲۰۔ کون سے سورے کے نام کو برعکس کرنے سے ایک سبزی کا نام بنتا ہے؟

جواب: سورۂ ملک سے "کلم"، یعنی بند گوبھی

سوال ۱۲۱۔ وہ کونسا سورہ ہے جس کے نام سے اگر پہلا حرف ہٹا دیں تو سورۂ حمد کا نام بنتا ہے؟

جواب: سورہ محمد سے اگر میم کو ہٹا دیں تو حمد بنتا ہے۔

سوال ۱۲۲۔ وہ کون سے سورے ہیں جن کے پہلے لفظ کو سورہ کا نام دیا ہے؟

جواب: سورۂ تبت، لیل، شمس، عصر، قارعہ، عبس

سوال ۱۲۳۔ ان سوروں کے نام بتائیں جن میں خداوند عالم کی صفات کا ذکر ہے؟

جواب: سورۂ فاطر، نور، رحمٰن، اعلیٰ

سوال ۱۲۴۔ وہ کونسا سورہ ہے جس کے پہلے لفظ کو ہٹا دیں تو عربستان کے ایک شہر کا نام بن جائے گا؟

جواب: سورۂ سجدہ سے سین ہٹانے کے بعد جدہ بن جائے گا

سوال ۱۲۵۔ کون سے اور کتنے سورے "الم" سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: ۲/سورے۔ الم نشرح، فیل

سوال ۱۲۶۔ کس سورے کو سبع مثانی کہتے ہیں؟

جواب: سورہ محمد کو

سوال ۱۲۷۔ کون سے سورے کو العقود بھی کہا جاتا ہے؟

www.ziaraat.com Subeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورۂ مائدہ کو

سوال ۱۲۸. کون سے سورے کو موسیٰ علیہ السلام اور فرعون بھی کہتے ہیں؟

جواب: سورۂ قصص کو

سوال ۱۲۹. کونسا سورۂ فسطاط القرآن سے معروف ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ

سوال ۱۳۰. کون سے سورے تبارک الذی سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورہ فرقان ، ملک

سوال ۱۳۱. کون سے سورے ''یا ایھا الذین امنوا . . . '' سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورہ ممتحنہ ، حجرات

سوال ۱۳۲. سورۂ سجدہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: سورۂ المضاجع

سوال ۱۳۳. کون سے سورے ''فسبح باسم ربک العظیم'' پر ختم ہوتے ہیں؟

جواب: سورۂ حاقہ ، واقعہ

سوال ۱۳۴. مدنی سورے کتنے سال میں نازل ہوئے ہیں؟

جواب: ۱۰ سال میں

سوال ۱۳۵. کون سے سورے میں فضیل عیاضی کا قصہ بیان ہوا ہے؟

جواب: سورہ حدیدؔ آیت ۱۷ میں

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۶۔ کونسا سورہ، کلمہ ''ح'' سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: سورۂ حدید

سوال ۱۳۷۔ کون سے سورے طواسین کے نام سے معروف ہیں؟

جواب: سورۂ شعراء ، نمل اور قصص

سوال ۱۳۸۔ کون سے سورے زہروان نام سے معروف ہیں؟

جواب: سورۂ بقرہ اور آل عمران

سوال ۱۳۹۔ مکی سورہ کتنے عرصے میں نازل ہوئے ہیں؟

جواب: ۱۳ر سال میں

سوال ۱۴۰۔ کون سے سورے عتاق کے نام سے معروف ہیں؟

جواب: سورۂ کہف ، اسراء ، مریم ، طہ ، اور انبیا

سوال ۱۴۱۔ کون سے سورے کلمہ ''قد'' سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورۂ مجادلہ اور مومنون

سوال ۱۴۲۔ کون سا سورہ زمانہ کے نام پر ہے؟

جواب: سورۂ دہر

سوال ۱۴۳۔ کون سا سورہ حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب ہے؟

جواب: سورۂ عادیات

سوال ۱۴۴۔ کون سے سورے شب و روز کے نام پر ہیں؟

جواب: سورۂ لیل اور سورۂ فجر

سوال ۱۴۵۔ کونسا سورہ بنی اسرائیل کے نام پر ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورہ اسراء

سوال ۱۴۶. کتنے سورے آخری پارے میں ہیں؟

جواب: ۳۷/سورے

سوال ۱۴۷. کون سے سوروں کو نماز جمعہ میں پڑھنے کی تاکید کی گئی ہیں؟

جواب: سورہ جمعہ اور منافقون

سوال ۱۴۸. کون سے سورہ کا دوسرا نام النساء القصر ہے؟

جواب: سورۂ نساء

سوال ۱۴۹. کون سا سورہ اہلبیت علیہم السلام کی شان میں نازل ہوا ہے؟

جواب: سورۂ دہر

سوال ۱۵۰. کون سے سورے کی تمام آیات ''را'' پر ختم ہوتی ہیں؟

جواب: سورہ کوثر

سوال ۱۵۱. کون سے سورے میں انسان کی خلقت کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ حجر آیت ۲۶/

سوال ۱۵۲. کون سے سورے میں مسلمانوں کے پہلے قبلہ ''بیت المقدس'' کا ذکر ہے؟

جواب: سورۂ اسراء

سوال ۱۵۳. وہ کون سا سورہ ہے، جس کے نام کو برعکس پڑھیں تو واجبات نماز میں سے ایک کا نام بنتا ہے؟

جواب: سورۂ تین سے نیت

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۵۴. کون سے سورے میں خدا کے پانچ عذاب کا ذکر ایک ہی آیت میں آیا ہے؟

جواب: سورہ اعراف آیت ۱۳۳/

سوال ۱۵۵. کون سے سورے کا نام اخلاق وادب ہے؟

جواب: سورۂ حجرات

سوال ۱۵۶. کون سے سورہ میں جنگی قیدیوں کا حکم بیان ہوا ہے؟

جواب: سورہ نساء

سوال ۱۵۷. کون سے سورے میں خدا نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرأت وتلاوت قرآن کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ علق

سوال ۱۵۸. کونسا سورہ طسم پر ختم ہوتا ہے؟

جواب: سورۂ قصص وشعراء

سوال ۱۵۹. کون سی سورتوں کے نام دو حرفوں پر مشتمل ہیں؟

جواب: سورۂ حج ، طہ ، صف ، جن ، یاسین ، عم

سوال ۱۶۰. قرآن کے کون سے سورہ کا دوسرا نام "الدین" ہے؟

جواب: سورۂ ماعون

سوال ۱۶۱. کون سے سورہ میں شادی وبیاہ کے احکام وقوانین کی طرف اشارہ ہے؟

جواب: سورۂ نساء

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۶۲. وہ کونسا سورہ ہے جس کا نام برعکس پڑھیں تو ایک پرندے کا نام بنتا ہے؟

جواب: روم کو برعکس پڑھنے سے مور بنتا ہے

سوال ۱۶۳. کون سے سورہ میں تخلیق اسرار کے مطالعہ کا حکم اور سفارش کی گئی ہے؟

جواب: سورۂ حجر

سوال ۱۶۴. کون سے سورہ تسبیح سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: اسراء، اعلیٰ، جمعہ، تغابن، صف، حدید اور حشر

سوال ۱۶۵. قانون وراثت کون سے سورہ میں بیان ہوا ہے؟

جواب: سورۂ نساء

سوال ۱۶۶. کون سے سورہ کا پہلا حرف اٹھانے سے ایک مذکر نام بنتا ہے؟

جواب: سورۂ توحید سے وحید

سوال ۱۶۷. کون سے سورے میں مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہے؟

جواب سورۂ انفال

سوال ۱۶۸. کون سے سورے کلمہ ویل سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: مطففین اور ہمزہ

سوال ۱۶۹. کون سے سورے میں خدا کے ۲۷ صفات ذکر ہوئے ہیں؟

جواب: سورۂ حدید

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۷۰. کون سے سورے میں حضرت آدم وحوا علیہما السلام اور ان کا جنت سے زمین پر آنے کا اشارہ ہے؟

جواب: سورۂ طٰہٰ اور بقرہ

سوال ۱۷۱. کون کون سے سوروں کا نام صرف ایک حرف ہے؟

جواب: سورۂ ق، ص، ن

سوال ۱۷۲. کون سے سورے میں رہبریت کی طرف اشارہ ہے؟

جواب: سورۂ نساء

سوال ۱۷۳. کون سے سورے کا نام الانسان اور الابرار بھی ہے؟

جواب: سورۂ دہر

سوال ۱۷۴. کون سے سورے کی سب آیات سین پر ختم ہوتی ہیں؟

جواب: سورۂ ناس

سوال ۱۷۵. کون کون سے سورے ''الم'' سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: بقرہ عنکبوت، آل عمران، لقمان، سجدہ

سوال ۱۷۶. کون سے سورے کو تبارک بھی کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۂ ملک کو

سوال ۱۷۷. کون سے سورے میں جنگ بدر کا ذکر ہے؟

جواب: سورۂ انفال میں

سوال ۱۷۸. کونسا سورہ یاایھاالناس سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: سورۂ نساء

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۷۹. کون سے سورے کو القتال بھی کہا جاتا ہے؟

جواب: سورہ محمد کو

سوال ۱۸۰. کون سے سورے میں قارون کا قصہ ہے؟

جواب: سورۂ قصص میں

سوال ۱۸۱. سورہ توبہ کے دوسرے نام کیا ہیں؟

جواب: العذاب، الفاتحہ، البحوث، الحاضر، برأت

سوال ۱۸۲. کون سے سورے میں خدا نے شر اور وسوسہ سے پناہ کا حکم دیا ہے؟

جواب: سورۂ ناس

سوال ۱۸۳. کون سے سورے کا نام الشریعہ ہے؟

جواب: سورۂ جاثیہ کا

سوال ۱۸۴. کون سے سورے کو برعکس پڑھنے سے معنی قدرت بنتے ہیں؟

جواب: سورہ قمر کو برعکس پڑھیں تو رمق بنتا ہے جس کے معنی قدرت کے ہیں۔

سوال ۱۸۵. کون سے سورے کی تمام آیات (ی) پر ختم ہوتی ہیں؟

جواب: سورۂ لیل کی

سوال ۱۸۶. کون سے سورے میں ملائکہ کو آدم علیہ السلام کے لئے سجدہ کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: سورہ ص، اور بقرہ میں

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۸۷. اقتربت الساعۃ کون سے سورے کا دوسرا نام ہے؟

جواب: سورہ قمر کا

سوال ۱۸۸. کون کون سے سورے "حم" سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورہ مومن، فصلت، زخرف، دخان جاثیہ، احقاف

سوال ۱۸۹. کون سے سورے کو برعکس پڑھیں تو راز بنتا ہے؟

جواب: سورہ زمر کو برعکس پڑھیں تو رمز یعنی راز بنتا ہے

سوال ۱۹۰. کون سے سورے کا دوسرا نام الباسقات ہے؟

جواب: سورہ ق

سوال ۱۹۱. کون کون سورے اقترب سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورہ قمر اور انبیاء

سوال ۱۹۲. بچھڑے کی پرستش کرنے والے بنی اسرائیل کا ذکر کون سے سورے میں ہے؟

جواب سورہ طہٰ میں

سوال ۱۹۳. کون سے سورے کو نجار بھی کہتے ہیں؟

جواب: سورہ یاسین

سوال ۱۹۴. کونسا سورہ "الر" سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب سورہ یونس، ہود، یوسف، ابراہیم، سورہ حجر

سوال ۱۹۵. قرآن میں کل کتنے رکوع ہیں؟

جواب: ۵۴۰ ررکوع

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

سوال ۱۹۶. کتنی سورتیں ایسی ہیں جن میں فقط ایک رکوع آتا ہے؟

جواب: ۳۶/سورتیں

سوال ۱۹۷. کس سورے میں رکوع کی تعداد زیادہ ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ میں

سوال ۱۹۸. سورہ بقرہ میں کتنے رکوع ہیں؟

جواب: ۴۰/رکوع

سوال ۱۹۹۔ قرآن میں رکوع کی علامت کیا ہے؟

جواب: حرف ''ع''

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

# فصل چہارم

# قرآن کی آیات میں الٰہی عجائب

سوال ۲۰۰. آیت ''الدین'' یعنی قرض، کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ، آیت ۲۵۵، ۲۵۶، ۲۵۷/

سوال ۲۰۱. کون سی آیت سورۂ الرحمٰن میں اکتیس ۳۱/ بار آئی ہے؟

جواب: ﴿فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾

سوال ۲۰۲. آیت الکرسی کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ

سوال ۲۰۳. قرآن میں ایسی کون سی دو آیتیں ہیں جن میں ۱۲۸/ حروف ہیں؟

جواب: سورہ آل عمران کی آیت ۱۵۴/ سورہ فتح کی آیت ۲۹/

www.ziaraat.com
Presented by Ziaraat.Com

سوال ۲۰۴. آیت ﴿وان یکاد الذین کفروا . . . ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ قلم کے آخر میں

سوال ۲۰۵. آیت الکرسی میں لفظ (اللہ) کتنے بار آیا ہے؟

جواب: چار بار

سوال ۲۰۶. آیت معروف انا اللہ وانا الیہ راجعون کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۵۶/ میں

سوال ۲۰۷. کون سی آیت قرآن میں قیامت کے روز کی مدت بیان ہوئی ہے۔

جواب: سورۂ معارج آیت ۴/

سوال ۲۰۸. انسان کی سنجش اعضا کی درستگی کا ذکر کون سی آیت و سورے میں ہے؟

جواب: سورہ حجرات آیت ۱۳/

سوال ۲۰۹. کون سی آیت کا حصہ دونوں طرف سے پڑھنے پر ایک صورت میں پڑھا جاتا ہے؟

جواب: سورہ مدثر آیت ۳/ ربک فکبر

سوال ۲۱۰. بقیة الله خیر لکم ان کنتم مومنین کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ ہود آیت ۸۶/

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۲۱۱. معروف دعا ﴿ربنا أتنافی الدنیا حسنه. . . کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۲۰۱/

سوال ۲۱۲. کون سی آیات میں پانچ اولوالعزم پیغمبروں کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورہ احزاب کی آیت ۷/

سوال ۲۱۳. قرآن میں کتنے سجدے ہیں؟

جواب: ۱۵/

سوال ۲۱۴. آیت معروف ﴿أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ أَئِلَهٌ مَعَ اللهِ قَلِيلاً مَا تَذَكَّرُونَ﴾ کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ نمل آیت ۶۲/

سوال ۲۱۵. سورہ جاثیہ کی کون سی آیت میں کلمہ ''رب'' تین بار آیا ہے؟

جواب: سورہ جاثیہ کی آیت ۳۶/ میں

سوال ۲۱۶. ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ حجرات آیت ۱۳/

سوال ۲۱۷. سورۂ مرسلات میں کون سی آیت دس بار آئی ہے؟

جواب: ﴿وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ﴾

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۲۱۸. آیت ﴿إِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ احزاب آیت ۵۶/

سوال ۲۱۹. آیت ﴿أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلاً﴾ کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ مزمل آیت ۴/

سوال ۲۲۰. کون سی آیت میں خداوند عالم کی آٹھ صفات کا ذکر ہے؟

جواب: حشر آیت ۲۳/

سوال ۲۲۱. امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک نے نوک نیزہ پر کون سے سورے کی کس آیت کو تلاوت فرمایا؟

جواب: سورہ کہف کی آیت ۹/

سوال ۲۲۲. معروف آیت ﴿آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لاَنُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۲۸۵/

سوال ۲۲۳. آیہ نور ﴿اللهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا

Presented by Ziaraat.Com

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ عَلَى نُورٍ يَهْدِي اللهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ نور آیت ۳۵ ر

سوال ۲۲۴. آیت ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ﴾ کتنے سوروں میں آئی ہے؟

جواب: سورہ حمد، صافات، مومن، زمر، یونس وانعام

سوال ۲۲۵. کون سی آیت سورہ شعراء میں آٹھ بار آئی ہے؟

جواب: ﴿فَاتَّقُوا اللهَ وَأَطِيعُونِ﴾

سوال ۲۲۶. کون سے سورے میں حجاب سے متعلق آیت آئی ہے؟

جواب: سورہ نور آیت ۳۱ ر

سوال ۲۲۷. آیت شہادت کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ آل عمران آیت ۳۱ ر

سوال ۲۲۸. معروف آیت ﴿جاء الحق وزهق الباطل﴾ کون سے سورے مین ہے؟

جواب: سورہ شعراء آیت ۸۱ ر

سوال ۲۲۹. سورہ شوریٰ کی کون سی آیت میں اہلبیت علیہم السلام کا ذکر ہے؟

جواب: ﴿قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي

Presented by Ziaraat.Com

الْقُرْبَى﴾ آیت ۲۳/سورہ شوری

سوال۲۳۰. ﴿وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيعًا وَلاتَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ آل عمران آیت ۱۰۳/

سوال۲۳۱. آیۂ قصاص کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۱۷۸/ میں حکم قصاص ہے۔

سوال۲۳۲. معروف آیت ﴿انّا فتحنا لک فتحًا مُبينًا﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ فتح آیت ۱/

سوال۲۳۳. آیت ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ حجر آیت ۹/

سوال۲۳۴. آیت ولایت ﴿إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ مائدہ آیت ۵۵/

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۲۳۵. کون سی آیت قنوت کے نام سے مشہور ہے؟

جواب: ﴿وَمِنْهُم مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ سورہ بقرہ آیت ۲۰۱/

سوال ۲۳۶. آیت ﴿وَأُخْرَى تُحِبُّونَهَا نَصْرٌ مِنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ صف آیت ۱۳/

سوال ۲۳۷. کون سی آیت شق القمر کے نام سے مشہور ہے؟

جواب: سورہ قمر آیت ۱/

سوال ۲۳۸. ﴿وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ انفال آیت ۶۰/

سوال ۲۳۹. کون سے سورے کی آیت میں پانچ وقت کی نماز یومیہ کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ اسراء آیت ۷۸/

سوال ۲۴۰. آیت مشہور ومعروف ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللَّهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ وَلَا آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنْ رَبِّهِمْ وَرِضْوَانًا وَإِذَا حَلَلْتُمْ

Presented by Ziaraat.Com

فَاصْطَادُوا وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَنْ تَعْتَدُوا وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ مائدہ آیت ۲/ میں

سوال ۲۴۱. آیت ﴿ادعونی استجب لکم﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ مومن آیت ۶۰/

سوال ۲۴۲. سورہ مائدہ کی کون سی آیت میں وضو کے بارے میں حکم اور طریقہ آیا ہے؟

جواب: سورہ مائدہ آیت ۶/ میں

سوال ۲۴۳. آیت ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ آل عمران آیت ۱۶۹/

سوال ۲۴۴. کون سے سورے میں پیغمبرؐ پر صلوات اور درود کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ احزاب آیت ۵۶/

سوال ۲۴۵. آیت مباہلہ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ آل عمران آیت ۶۱/

سوال ۲۴۶. آیت استرجاء کون سی ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: انّا للّٰہ وانّا الیہ راجعون

سوال ۲۴۷. اسراف سے متعلق آیت کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ اعراف ﴿کلوا واشربوا ولاتسرفوا﴾

سوال ۲۴۸. آیت ﴿إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانتَصَرُوا مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ شعراء آیت ۲۲۷/

سوال ۲۴۹. آیت استعاذہ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ نحل آیت ۹۸/

سوال ۲۵۰. کون سی آیت تین سوروں میں ایک ہی طرح آئی ہے اور وہ سورے کون سے ہیں؟

جواب: ﴿ویل یومئذ للمکذبین﴾ سورۂ طور، مطففین، مرسلات

سوال ۲۵۱. آیت ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ آل عمران آیت ۱۸۵/

سوال ۲۵۲. تغییر قبلہ کے لئے کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۴۴/

سوال ۲۵۳. کون سی آیت توبہ نصوح کے متعلق ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورہ مریم آیت ۸؍

سوال۲۵۴. آیت ﴿وَنُرِيدُ أَنْ نَمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ قصص آیت ۵؍

سوال۲۵۵. کون سی آیت میں معصوم علیہم السلام کی صفت کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: سورہ ہود آیت ۸۶؍ میں حضرت مہدی (عج) کی صفت ''بقیۃ اللہ'' کا ذکر ہے۔

سوال۲۵۶. کون سی آیت میں پانچ کھانے والی چیزوں کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ بقرہ ۶۱؍ میں پیاز، خیار، دال، سبزی...کا ذکر ہے

سوال۲۵۷. مسجد ضرار کے خراب کرنے کا حکم کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ توبہ آیت ۱۰۷؍

سوال۲۵۸. آیت ﴿وَإِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ اعراف آیت ۲۰۴؍

سوال۲۵۹. آیت ﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللهِ أَلَا بِذِكْرِ اللهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ رعد آیت ۲۸؍

سوال۲۶۰. آیات ملک ﴿قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي

Presented by Ziaraat.Com

الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ إِنَّکَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ ☆ تُولِجُ اللَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِی اللَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ﴾ کون سے سورے میں ہے

جواب: سورہ آل عمران آیت ۲۶، ۲۷/

سوال ۲۶۱. آیت ﴿رَبَّنَا لَاتُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْکَ رَحْمَةً إِنَّکَ أَنْتَ الْوَهَّابُ﴾ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ آل عمران آیت ۸/

سوال ۲۶۲. آیت نور علیٰ نور کون سی ہے اور کون سے سورے میں ہے؟

جواب: اللّٰهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ کَمِشْکَاةٍ فِیهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِی زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ کَأَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَکَةٍ زَیْتُونَةٍ لَاشَرْقِیَّةٍ وَلَاغَرْبِیَّةٍ یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ عَلَی نُورٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُورِهِ مَنْ یَشَاءُ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیمٌ﴾

سورہ نور آیت ۳۵/

سوال ۲۶۳. کون سی آیت میں خدا نے اپنی طرف نسبت دی ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۸۶/

سوال۲۶۴. کیا شیطان کا مکر وحیلہ زیادہ قوی ہے یا انسان؟

جواب: انسان، سورہ نساء آیت ۷۶/

سوال۲۶۵. کون سی آیت میں کلمہ اللہ چھ بار آیا ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۲۸۲/ میں ۶/ بار کلمہ اللہ آیا ہے

سوال۲۶۶. کون سی آیت ذکر سجود کے تبدیل ہونے کا باعث بنی؟

جواب: سورہ اعلی کی پہلی آیت

سوال ۲۶۷. کتنی آیات میں حضرت محمد ﷺ کی طرف اشارہ ہوا ہے؟

جواب: چار سو پانچ آیات میں حضرت محمد ﷺ کا تذکرہ ہے

سوال ۲۶۸. کونسی آیت میں اللہ کی محبت رسول ﷺ کی اتباع سے حاصل ہوتی ہے؟

جواب: سورہ آل عمران آیت ۳۱/

سوال۲۶۹. کتنی آیات میں بنی اسرائیل کا تذکرہ ہے؟

جواب: ایک سو دس آیات میں بنی اسرائیل کا تذکرہ ہے

سوال۲۷۰. آیت ''سلام'' کون سے سورہ میں ہے

جواب: سورہ نساء آیت ۸۶/

Presented by Ziaraat.Com

# فصل پنجم

## قرآن میں پیغمبروں کے عبرت آمیز واقعات

سوال ۲۷۱. عبدالغفار کس کا نام اصلی تھا؟

جواب: حضرت نوح. نوح لقب تھا

سوال ۲۷۲. پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معراج کا قصہ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ اسراء

سوال ۲۷۳. کون سے پیغمبر کا قرآن میں دوسرے پیغمبروں کی نسبت زیادہ ذکر آیا ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ۱۳۶ بار

سوال ۲۷۴. کون سے پیغمبر کو آگ میں ڈالا گیا اور ان کا لقب بت شکن تھا؟

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال ۲۷۵. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کا تذکرہ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ مریم سلام اللہ علیہا

سوال ۲۷۶. کون سے پیغمبر کی صفت ذبیح اللہ ہے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام

سوال ۲۷۷. کون سے نبی شکم ماہی میں رہے ہیں؟

جواب: حضرت یونس علیہ السلام

سوال ۲۷۸. کون کون سے سورے پیغمبروں کے نام پر آئے ہیں؟

جواب: ابراہیم، نوح، ہود، یوسف، یونس، محمد

سوال ۲۷۹. کون سے پیغمبر کی قوم لالچی اور بہانے بناتی تھی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم

سوال ۲۸۰. کون سا نبی آسمانی سفر پر گیا؟

جواب: حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سوال ۲۸۱. کون سے نبی کے فرزندوں کو بنی اسرائیل کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام کے فرزندوں کو

سوال ۲۸۲. کون سے نبی نے کشتی بنائی؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام

سوال ۲۸۳. کون سے نبیوں کے نام حرف ''ی'' سے شروع ہوتے ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت یونس، یحیٰ، یعقوب، یوسف، یسع،

سوال ۲۸۴. حضرت سلیمان اور بلقیس کا قصہ کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ سبا

سوال ۲۸۵. کون سے پیغمبر علیہ السلام نے مردوں کو زندہ کیا اور نابیناؤں کو بینا کیا ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے

سوال ۲۸۶. کون سے نبی ابھی تک زندہ ہیں؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام

سوال ۲۸۷. کون سے نبی کا لقب خلیل اللہ تھا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال ۲۸۸. کونسا نبی عفت و پاکدامنی کے نام سے معروف ہے؟

جواب: حضرت یحیٰ علیہ السلام

سوال ۲۸۹. کون کون سے نبیوں کا نام قرآن میں آیا ہے؟

جواب: آدم، نوح، ہود، صالح، لوط، ابراہیم، اسماعیل، یقوب، اسحاق، یوسف، ایوب، یونس، شعیب، موسیٰ، عیسیٰ، ہارون، داوٗد، سلیمان، الیاس، یسع، ذوالکفل، عزیز، ذکریا، یحیٰ، عیسیٰ، محمد،

سوال ۲۹۰. کونسا نبی بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے ہیں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام

سوال ۲۹۱. کتنے نبیوں کا نام بعنوان اسوۂ حسنہ قرآن میں ذکر ہوا ہے؟

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت ابرہیم علیہ السلام و حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

سوال ۲۹۲. کتنے اولوالعزم پیغمبروں کا ذکر قرآن میں آیا ہے؟

جواب: پانچ اولوالعزم پیغمبروں کا

سوال ۲۹۳. اول المومنین کس نبی کی صفت ہے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

سوال ۲۹۴. حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا نام قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: چار بار محمد ایک بار احمد

سوال ۲۹۵. کونسا نبی بڑھاپے میں میں صاحب فرزند ہوا تھا؟

جواب: حضرت زکریا علیہ السلام

سوال ۲۹۶. کون سے نبی کا چچا کافر تھا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

سوال ۲۹۷. کون سے نبی کی دوسرے نبی نے آنے کی بشارت دی ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے آنے کی بشارت دی

سوال ۲۹۸. حضرت یونس علیہ السلام کا نام قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۴/بار

سوال ۲۹۹. کون سے نبی نے ایک مدت تک بھیڑ بکریوں کو چرایا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۰۰. کون سے نبی کے قصے کو قرآن نے احسن القصص سے تعبیر کیا ہے؟.

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے کو

سوال ۳۰۱. قرآن میں نبی اکرم کی کون کون سی جنگوں کا ذکر ہوا ہے؟

جواب: احد، بدر، بنی قینقاع، تبوک، حمرالاسد، خندق، فتح مکہ، احزاب، بنی قریظہ، بنی النضیر، بیعۃ الرضوان، حنین، ذات السلاسل

سوال ۳۰۲. کون سے نبی بغیر باپ کے پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۰۳. کون سے دو نبیوں کا ذکر قرآن میں آیا ہے جنھوں نے پوری عمر شادی نہیں کی؟

جواب: حضرت یحیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۰۴. کون سے نبی نے حیوانوں سے گفتگو کرتے تھے اور ان کی باتوں کو سنتے تھے؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال ۳۰۵. کون سے نبی کو بچپن میں ان کے بھائیوں نے کنویں میں ڈالا تھا؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کو

سوال ۳۰۶. کون سے نبی کے بیٹے نے نبی کی نافرمانی کی؟

جواب: حضرت نوح کا بیٹا جس کا نام کنعان تھا

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۰۷. کون سے نبی نے اپنے چچا کے لئے استغفار کیا ہے؟

جواب: حضرت ابرہیم علیہ السلام نے

سوال ۳۰۸. کون سے نبی نے اپنی سرزمین پر ایک آدمی کو قتل کیا ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے

سوال ۳۰۹. کون سے نبی کا لقب کلیم اللہ تھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

سوال ۳۱۰. کون سے سورے میں ۱۶ ر نبیوں کا تذکرہ ہے؟

جواب: سورۂ انبیاء

سوال ۳۱۱. کون سے سورے رسول اکرمؐ کے نام سے منسوب ہیں؟

جواب سورۂ مدثر، طہ، یاسین، مزمل، محمد

سوال ۳۱۲. کونسا نبی شیخ الانبیاء سے معروف ہے؟

جواب حضرت نوح علیہ السلام

سوال ۳۱۳. کون سے نبیوں کے نام کے اول میں حرف الف ہے؟

جواب: ابراہیم، الیاس، ایوب، اسحاق، ادریس، آدم

سوال ۳۱۴. کون سے نبی زرہ بناتے تھے؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

سوال ۳۱۵. کون سے نبی کا اس کی قوم نے مذاق اڑایا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کا اس کی قوم نے مذاق اڑایا

سوال ۳۱۶. کون سے نبی کے زمانے سے طبی اور میڈیکل علوم رائج

Presented by Ziaraat.Com

ہوئے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے سے

سوال ۳۱۷. کون سا نبی دولقب سے معروف ہے؟

جواب: حضرت یونس علیہ السلام

سوال ۳۱۸. حضرت ہود کون سی قوم کی طرف بھیجے گئے تھے؟

جواب: قوم عاد کی طرف

سوال ۳۱۹. کون کون سے نبی آپس میں بھائی تھے؟

جواب: حضرت اسحاق علیہ السلام و اسماعیل علیہ السلام حضرت موسی علیہ السلام و ہارون علیہ السلام

سوال ۳۲۰. کون سے نبی کا لقب حبیب اللہ ہے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

سوال ۳۲۱. نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون سی آیت کی تلاوت کے وقت گریہ کرتے تھے؟

جواب: سورۂ یونس آیت ۶/

سوال ۳۲۲. کونسا نبی روح اللہ کے لقب سے معروف ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۲۳. کون کون سے نبی آپس میں باپ بیٹے تھے؟

جواب: حضرت یعقوب، و یوسف، داؤد و سلیمان، زکریا و یحیٰ

سوال ۳۲۴. کون سے نبی صفی اللہ کے لقب سے مشہور تھے؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۲۵. کون سے سورے میں حضرت عزیر کی نیند کا قصہ بیان ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۵۹ر

سوال ۳۲۶. کون سے نبی کے زمانہ میں سحر و جادو رائج تھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں

سوال ۳۲۷. اولوالعزم نبیوں کا نام قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۳۳ر بار، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۴ر بار اور ایک بار احمد، حضرت ابراہیم علیہ السلام ۵ر بار حضرت نوح علیہ السلام ۴۳ر بار

سوال ۳۲۸. کون سے نبی مٹی سے پرندے بناتے تھے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۲۹. حضرت موسیٰ علیہ السلام نے، حضرت شعیب علیہ السلام کے ساتھ گفتگو کی کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورہ قصص آیت ۲۵ر میں

سوال ۳۳۰. کون سے نبی نے خواب میں گیارہ ستارے، چاند وسورج کو دیکھا کہ اسے سجدہ کررہے ہیں؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام

سوال ۳۳۱. کس عورت پر وحی نازل ہوتی تھی؟

جواب: مادر موسیٰ علیہ السلام پر

سوال ۳۳۲. کون سے نبی کے بارہ بیٹے تھے؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام کے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۳۳. کون کون سے نبی ہم عصر گزرے ہیں؟

جواب: ابراہیم ولوط، یوسف ویعقوب، یحییٰ وعیسیٰ، شعیب وموسیٰ وخضر علیہ السلام وغیرہم

سوال ۳۳۴. کونسے نبی صفوۃ اللہ کے لقب سے مشہور تھے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام وحضرت آدم علیہ السلام

سوال ۳۳۵. کونسا اولوالعزم نبی حضرت شعیب علیہ السلام کا داماد تھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۳۶. کون سے دو نبی آپس میں خالہ زاد بھائی تھے اور قرآن میں ان کا ذکر ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰ ویحییٰ

سوال ۳۳۷. حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کے موقع پر کون سی غار میں چھپے تھے؟

جواب: غار سبع (غار ثور)

سوال ۳۳۸. حضرت یونس علیہ السلام کا قرآن میں کون سا لقب ذکر ہوا ہے؟

جواب: ذوالنون

سوال ۳۳۹. قوم سبا میں کون سا نبی آیا تھا؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

سوال ۳۴۰. قوم ثمود کے لئے کونسا نبی مبعوث ہوا تھا؟

جواب: حضرت صالح علیہ السلام

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۴۱. کونسا نبی صبر تحمل کا نمونہ تھے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال ۳۴۲. کون سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قصہ قرآن میں دوسرے نبیوں کی نسبت زیادہ ذکر ہوا ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

سوال ۳۴۳. کون سے سورے میں حضرت ابراہیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتوں کے توڑنے کا تذکرہ ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام سورہ انبیاء آیت ۵۷/

سوال ۳۴۴. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحیفہ کا کیا نام تھا؟

جواب: انجیل

سوال ۳۴۵. تورات کسی نبی کی کتاب تھی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی

سوال ۳۴۶. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آسمانی کتابوں کا کیا نام تھا؟

جواب: صحف ابراہیم علیہ السلام

سوال ۳۴۷. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزے کون سے تھے؟

جواب: مردوں کو زندہ کرنا بیماروں کو شفا دینا

سوال ۳۴۸. زبور کس نبی کی کتاب تھی؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام کی

سوال ۳۴۹. کون سے نبی ایک سے زیادہ بیویاں رکھتے تھے؟

www.Ziaraat.com
Saqeel-e-Sajjad
Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت نوح علیہ السلام

سوال ۳۵۰. کونسا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ جسکی کوئی بیوی نہ تھی؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت یحیٰ علیہ السلام

سوال ۳۵۱. کون سا نبی ذبیح اللہ کے لقب سے معروف ہے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام

سوال ۳۵۲. حضرت موسیٰ کون سے پہاڑ پر مناجات کیا کرتے تھے؟

جواب: طور سینا پر

سوال ۳۵۳. حضرت موسیٰ کے معجزے کیا تھے؟

جواب: ید بیضا، عصا کو سانپ بنا دینا، دریا میں راستہ بنا دینا

سوال ۳۵۴. کس نبی کی عمر دوسرے نبیوں سے زیادہ تھی؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی

سوال ۳۵۵. کون سے نبی نے حضرت مریم کی کفالت کی؟

جواب: حضرت زکریا

سوال ۳۵۶. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کتاب انجیل کا نام قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ۱۲/ بار

سوال ۳۵۷. حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ کیا ہے؟

جواب: قرآن کریم

سوال ۳۵۸. کس نبی کو خدا نے علم نجوم وحساب کی تعلیم دی ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام کو

سوال ۳۵۹. کون سے دو نبیوں نے خانہ کعبہ کی تعمیر کی؟

جواب: حضرت ابرہیم و اسماعیل علیہما السلام نے

سوال ۳۶۰. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آنے کی بشارت دینے کا ذکر کس سورے میں ہے؟

جواب: سورہ صف میں

سوال ۳۶۱. حضرت نوح علیہ السلام کا قصہ کس سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ نوح میں

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

# فصل ششم

## قرآن میں ان چیزوں کی طرف اشارہ جو کسی ایک اعتبار سے دوسری چیزوں پر مقدم ہیں یا سب سے پہلے وجود میں آئیں

سوال ۳۶۲. کون سے نبی نے سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کتابت کی؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام نے

سوال ۳۶۳. سب سے پہلے اولوالعزم نبی کون تھے؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام

سوال ۳۶۴. کونسا نبی سب سے پہلے بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوا؟

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال ۳۶۵. کس نبی نے سب سے پہلے خط لکھا اور لباس سلائی کی؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام نے

سوال ۳۶۶. سب سے پہلے قرآن کا کون سا سورہ نازل ہوا؟

جواب: سورۂ علق

سوال ۳۶۷. سب سے پہلی کون سی آیت شراب کے متعلق نازل ہوئی؟

جواب: سورۂ بقرہ کی آیت ۲۱۹/

سوال ۳۶۸. سب سے پہلے حضرت مہدی (عج) ظہور کے وقت کون سی آیت کی تلاوت فرمائیں گے؟

جواب: سورۂ ہود آیت ۸۶/

سوال ۳۶۹. فضائل قرآن پر سب سے پہلے کس نے کتاب لکھی؟

جواب: ابی بن کعب

سوال ۳۷۰. سب سے پہلے کس نے قرأت قرآن پر کتاب لکھی؟

جواب: ابان بن تغلب نے کہ جو امام سجاد علیہ السلام کے شاگرد تھے

سوال ۳۷۱ . سب سے پہلی کون سی دعا کون سے سورہ میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۱۲۶/

سوال ۳۷۲. سب سے پہلے خط نسخ کس نے ایجاد کیا، قرآن کو اس خط میں لکھا گیا اور کس زمانہ میں یہ کام ہوا؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ابوعلی محمد بن علی بن حسین مقلہ اثنا عشری ۳۱۰ر سن ہجری

سوال ۳۷۳۔ سب سے پہلی آیت کون سی ہے جس میں سجدہ ہے؟

جواب سورۂ اعراف کی آخری آیت

سوال ۳۷۴۔ سب سے پہلے کون سی آیت میں بعثت کو یاد کیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۲۰۶ر

سوال ۳۷۵۔ کون سی پہلی آیت میں جہنم کا تذکرہ ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ ۲۰۶ر

سوال ۳۷۶۔ قرآن کا سب سے پہلا سورہ کونسا ہے؟

جواب: سورۂ حمد

سوال ۳۷۷۔ سب سے پہلے مسجد کے متعلق جو کلمہ نازل ہوا کون سے سورے میں ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۱۱۴ر میں

سوال ۳۷۸۔ سب سے پہلے کس قاری نے قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھا ہے؟

جواب: استاد محمود خلیل اطوی

سوال ۳۷۹۔ سب سے پہلا سورہ مکی ہے یا مدنی؟

جواب: مکی

سوال ۳۸۰۔ کون سے سورے میں پہلا مستحبی سجدہ ہے؟

جواب: سورۂ اعراف میں

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۳۸۱. قرآن کا سب سے پہلا حرف کونسا ہے؟

جواب: حرف ''ب'' بسم اللہ میں

سوال ۳۸۲. سب سے پہلے مصر کے کس قاری نے قرآن کے علوم وفنون میں اول پوزیشن حاصل کی تھی؟

جواب: ابوعلی محمد خلیل اطوی

سوال ۳۸۳. سب سے پہلے سورے کے کتنے کلمہ و کتنی آیات ہیں؟

جواب: ۲۹ /کلمہ ۷/آیت ''سورۂ حمد''

سوال ۳۸۴. سب سے پہلے جس سورے میں سجدہ واجب ہے، کونسا سورہ ہے؟

جواب: سورۂ سجدہ

سوال ۳۸۵. سب سے پہلے کون سے سورے کا ترجمہ ہوا ہے؟

جواب: سورۂ حمد کا

سوال ۳۸۶. قرآن میں سب سے پہلے کس نبی کا نام ہے جس کے نام پر ایک سورے کا نام ہے؟

جواب: سورۂ یونس میں حضرت یونس علیہ السلام کا نام

سوال ۳۸۷. سب سے پہلے کون سے سورہ کو لفظ ''قل'' سے شروع کیا گیا ہے؟

جواب: سورۂ جن

سوال ۳۸۸. مکہ میں سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس سورے کا

Presented by Ziaraat.Com

اعلان کیا ہے کونسا ہے؟

جواب: سورۂ سجدہ کا مکہ میں اعلان کیا ہے

سوال ۳۸۹. سب سے پہلے جس فرشتے کا نام قرآن میں آیا ہے کون سا ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ میں حضرت جبرئیل کا

سوال ۳۹۰. قرآن میں وہ سب سے پہلا کون سا سورہ ہے جو ایک اولوالعزم نبیوں میں سے کسی ایک کے نام پر ہے؟

جواب: سورۂ ابراہیم

سوال ۳۹۱. وہ سب سے پہلی آیت کون سی ہے جس میں والدین پر احسان کرنے کا حکم ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۸۳/

سوال ۳۹۲. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جس میں دین اسلام کے متعلق گفتگو کی گئی ہے؟

جواب: سورۂ عمران آیت ۱۹/

سوال ۳۹۳. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جس میں اسراف کے متعلق گفتگو ہوئی ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ آیت ۱۴۷/

سوال ۳۹۴. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جس میں کلمہ آیت آیا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۰۶ر میں

سوال ۳۹۵. سب سے پہلے قرآن کس وقت اور کہاں چھپا ہے؟

جواب: 1105ھ ق ، زبان لاتین میں بتوسط ابولامام الکلمان ، سامبورگ میں

سوال ۳۹۶. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جو جنگ کے متعلق نازل ہوئی ہے؟

جواب: سورہ حج آیت ۳۹ر

سوال ۳۹۷. سب سے پہلی کون سی آیت سورہ توبہ میں سے نازل ہوئی ہے؟

جواب: سورہ توبہ ۲۵ر

سوال ۳۹۸. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جو تلاوت قرآن کے متعلق ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۲۱ر

سوال ۳۹۹. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جس میں کلمہ موذن آیا ہے؟

جواب: سورہ اعراف آیت ۴۴ر میں

سوال ۴۰۰. سب سے پہلی کون سی آیت ہے جس میں شہید و شہادت کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۱۰۴ر

www.ziaraat.com Sakina-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۴۰۱۔ قرآن کی تلاوت سے پہلے کس کے شر سے پناہ مانگنا چاہئے؟

جواب: شر شیطان سے

سوال ۴۰۲۔ مدینہ میں سب سے پہلے کون سا سورہ نازل ہوا ہے؟

جواب: سورۂ مطففین

سوال ۴۰۳۔ سب سے پہلے قرآن کی اعراب گزاری کس نے کی ہے؟

اس سورہ میں اسلام کی کامیابی اور خواب پیغمبر کا تحقق پذیر ہونا، بیعت رضوان، پیغمبروں کے مقامات اور ان کے اعلیٰ ترین اہداف کا بیان ہے نیز پیغمبروں اور ان کے پیروی کرنے والوں کی خصوصیت اور پیغمبر کی ایک خاص خدمت کی طرف اشارہ ہے۔

سوال ۱۲۴۹. سورۂ حجرات کو حجرات کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: حجرات حجرے کی جمع جس کا معنی کمرے، خیمے، پیغمبر کا گھر، جس کا ذکر اس سورے کی آیت ۴ رمیں ہے۔

اس سورے میں پیغمبر اسلام سے رفتار وگفتار کا طریقہ، آداب زندگی، اخلاق اجتماعی کے اصول، جھگڑوں کے فیصلے، زبانی دعویٰ اسلام کے ساتھ عمل بھی ضروری ہے، ان تمام باتوں کی وضاحت ہے۔

سوال ۱۲۵۰. سورۂ "ق" کو "ق" کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ق، حروف مقطعہ ہے جو سورے کے آغاز میں آیا ہے جس کا علم خداوسورل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلبیت علیہم السلام رکھتے ہیں، اس سورہ کی اکثر آیات میں قیامت کے حالات کا تذکرہ ہے جیسے اعمال کے لکھے جانے کا ذکر۔اس دنیا سے آخرت کی طرف پلٹنے کا ذکر، نیز قیامت کے ہولناک مناظر،قوم فرعون، قوم عاد،قوم لوط،قوم شعیب اوران کی سرکشی کی طرف اشارہ ہے۔

سوال ۱۲۵۱. سورۂ ذاریات کوذاریات کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: ذاریات یعنی پراگندہ ہونا یعنی ہوابادل ملائکہ،جس کا ذکر اس سورے کی آیت ۱ رمیں ہے۔

اس سورہ میں بھی قیامت کا ذکر، توحید کی طرف اشارہ،ان فرشتوں کا تذکرہ جوحضرت ابراہیم علیہ السلام کے مہمان ہوئے اورحضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ قوم عاداورقوم نوح کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۵۲. سورۂ طور کوطور کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: طورایک پہاڑ کا نام ہے جس کا ذکراس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔اس سورہ میں خدا نعمتوں اورمومنین پر اس بخشش کی طرف اشارہ ہے نیز نبوت پیغمبر،توحیدوقیامت کا ذکراور کفار کیلئے عذاب کے وعدوں کا تذکرہ ہے۔

سوال ۱۲۵۳. سورۂ نجم کونجم کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نجم یعنی ستارہ،جس کا ذکراس سورے کی آیت نمبرایک میں

Presented by Ziaraat.Com

ہے۔

اس سورے میں رسول خدا پر وحی کا نزول، معراج پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف اشارہ ہے اور مشرکین کے خرافات کا بیان جو بتوں کے سامنے جھکتے تھے نیز توبہ کرنا اور گزشتہ قوموں کا ذکر جیسے قوم عاد و قوم نوح و قوم لوط۔

سوال ۱۲۵۴۔ سورۂ قمر کو قمر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: قمر یعنی چاند، جس کا ذکر آیت نمبر ایک میں ہے۔

اس سورے میں قیامت کے نزدیک ہونے کا ذکر، چاند کے دو ٹکرے ہونے کا بیان، نوح کی کشتی اور طوفان نوح کی طرف اشارہ، قوم عاد و ثمود کا قصہ، حضرت صالح علیہ السلام کی مخالفت کرنا اور ناقہ صالح کا ذکر ہے نیز قوم لوط اور آل فرعون کا تذکرہ ہے۔

سوال ۱۲۵۵۔ سورۂ الرحمٰن کو الرحمٰن کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: الرحمٰن خدا کا صفاتی نام ہے کہ خدا بہت مہربان ہے۔

اس سورے میں خدا کی دنیوی و اخروی ابدی نعمتوں اور جن وانس کی خلقت کا بیان ہے، مشرکین و کفار کے لئے عذاب کا اور ان خدا کی نشانیوں کا جو زمین و آسمان میں ہے، ذکر ہے۔

سوال ۱۲۵۶۔ سورۂ واقعہ کو واقعہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: سورۂ واقعہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے بمعنی واقع کرنے والا، سورے کے آغاز میں اس کا ذکر ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اس سورے میں قیامت کی نشانیاں، انسانوں کی گروہ بندیاں، اصحاب یمین اور نعمت الٰہی کا تذکرہ ہے نیز اصحاب شمال اور ان کے لئے عذاب کا وعدہ اور اس دنیوی موت اور جان کنی کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۵۷۔ سورۂ حدید کو حدید کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: حدید کے معنی لوہے کے ہیں، جس کا اسی سورے کی آیت نمبر ۲۵/ میں ذکر ہے۔

اس سورے میں توحید اور صفات و ذات خدا کا ذکر کرتے ہوئے تقریبا ۲۷/ صفات کا ذکر کیا ہے۔

نیز عظمت قرآن، راہ خدا میں انفاق، عدالت اجتماعی جو انبیا کے اہم ترین اہداف میں سے ہیں اور رہبانیت کی مذمت کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۵۸۔ سورۂ مجادلہ کو مجادلہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: مجادلہ یعنی جھگڑا۔ سورے کے آغاز میں ایک عورت کا اپنے شوہر سے جھگڑا ہونے کا ذکر ہے کہ یہ عورت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئی۔

ظہار کی طرف اشارہ، آداب مجالس کا ذکر اور نجویٰ و سرگوشی سے منع کرنے، منافقین کو خدا کے گروہ میں آنے کی دعوت دینے کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۵۹۔ سورۂ حشر کو حشر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: حشر یعنی محشور کرنا، بھگانا، بنی نضیر کے یہودیوں کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ سے بھگایا جس کا ذکر اس سورے کی دوسری آیت میں ہے۔

مخلوق کا خدا کی تسبیح کرنے، یہودیوں کا مسلمانوں سے جنگ و عہد شکنی کرنے اور مدینہ کے منافقین کی طرف اشارہ ہے نیز خدا کی صفات جمال وجلال اور اسمائے حسنیٰ کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۶۰۔ سورۂ ممتحنہ کو ممتحنہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: ممتحنہ یعنی جس کا امتحان لیا گیا ہو وہ عورتیں جو مسلمان ہوئیں اور شوہر کافر تھے ان کا مکہ سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ آنا جس کا ذکر اس سورے کی آیت دس میں ہے۔

اس سورے میں خدا سے محبت و بغض اور مشرکین کی دوستی سے منع کرنے وغیرہ کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۶۱۔ سورۂ صف کو صف کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: صف یعنی لائن میں کھڑا ہونا جس کا ذکر آیت ۴ رمیں ہے۔

اس سورے میں سب کو اپنی گفتار کے متعلق کردار کی دعوت دی گئی ہے، بغیر عمل کے کچھ کہنا صحیح نہیں ہے بلکہ عمل کی دعوت دی گئی ہے، بنی اسرائیل کی عہد شکنی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ پیغمبر اسلام کے آنے کی بشارت کا ذکر ہے، اور اس سورے میں اسلام کو دوسرے ادیان پر کامیابی کی خوشخبری دی گئی ہے اور آخر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ان کے موالیوں کی زندگی کی

Presented by Ziaraat.Com

طرف اشارہ ہے۔

سوال ۱۲۶۲. سورۂ جمعہ کو جمعہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: اس سورے کی آیت ۹ رمیں نماز جمعہ کا ذکر ہے۔

اس سورہ میں توحید کا بیان، قیامت کا ذکر، نماز جمعہ کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے اوراس عبادت کی خصوصیت کو بیان کرتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے کہ پوری مخلوقات اس کی تسبیح کرتی ہے نیز جمعہ کے دن دنیوی کاموں کو چھوڑ کر نماز جمعہ میں شرکت کی تاکید کی گئی ہے۔

سوال ۱۲۶۳. سورۂ منافقون کو منافقون کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: منافقون منافق کی جمع ہے۔سورے کے آغاز میں منافقین کا مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے اور سازش کرنے کا ذکر ہے۔

اس سورے میں مومنین کو منافقین کی سازش سے آگاہ کیا گیا ہے اور راہ خدا میں انفاق کو بیان کیا ہے۔

سوال ۱۲۶۴. سورۂ تغابن کو تغابن کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: تغابن یعنی پریشان وشرمندگی اور مغبون کرنا کہ قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔

آیت ۹ رمیں ذکر ہے کہ اس روز کون سے لوگ خسارے میں ہونگے۔

اس سورہ کے اول میں توحید وصفات وافعال خدا کا بیان روز قیامت کچھ

Presented by Ziaraat.Com

لوگ مغبون اور کچھ کامیاب ہونگے اور آخر میں خدا کے حکم کی اطاعت اور پیغمبر کی اطاعت اور راہ خدا میں انفاق کی دعوت کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۶۵. سورۂ طلاق کو طلاق کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: اس سورے کا زیادہ تر حصہ طلاق کے احکام اور عورتوں کے متعلق ہے اس سورے کے شروع میں بھی طلاق کا ذکر ہے، اور آخر میں تخلیق انسان، قیامت، نبوت اور بشارت وانذار کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۶۶. سورۂ تحریم کو تحریم کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: تحریم کے معنی حرام کرنے کے ہیں۔ اس سورہ کی پہلی آیت میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خدا کی طرف سے وحی ہوئی کہ تم وہ چیزیں جو حلال ہیں انھیں اپنے اوپر کیوں حرام کرتے ہو، پیغمبر کو اپنی بیویوں سے مباشرت کا حکم، اہل وعیال کی تعلیم وتربیت کا ذکر ہے۔

نیز توبہ وجہاد، اور دو نیک و دو بری عورتوں کا ذکر ہے، نیک عورتوں میں حضرت مریم علیہا السلام و زن فرعون ہے اور بری عورتوں میں جناب نوح علیہ السلام اور جناب لوط کی بیوی ہے۔

سوال ۱۲۶۷. سورۂ ملک کو ملک کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: ملک کی بادشاہت اور خدا کا اقتدار وحکومت کہ سب کام اس کے ہاتھ میں ہیں اس کا ذکر آیت کے شروع میں ہے خدا کی صفات اور اس کے نظام قدرت وخلقت کی طرف اشارہ ہے خصوصا آسمان وستارے زمین

Presented by Ziaraat.Com

پرندے اور پانی اور آنکھ و کان اور پیمانے کے حالات کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۶۸. سورۂ قلم کو قلم کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نون والقلم۔ قلم اور لکھنے کی طرف توجہ دلانے کی طرف اس سورے کی پہلی آیت میں ذکر ہے۔

اس سورے کا کچھ حصہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصوصی صفات کے بارے میں ہے جیسے اخلاق۔ اور اس میں دشمنوں کی صفات، عظمت قرآن، قیامت کے روز کی طرف اشارہ ہے۔

سوال ۱۲۶۹. سورۂ الحاقہ کو الحاقہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: الحاقہ یعنی حقانیت۔ حقوق کی جانچ پڑتال۔

قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور اس کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔

خدا نے قیامت کے تین نام ذکر فرمائے ہیں:

حاقہ، قارعہ، واقعہ اس سورے میں قوم عاد و ثمود اور قوم فرعون کے انجام کی طرف اشارہ ہے نیز عظمت قرآن و پیغمبر اسلام کو بیان کیا ہے۔

سوال ۱۲۷۰. سورۂ معارج کو معارج کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: معارج سے مراد سیڑھی ہے جس کا ذکر اس سورے کی آیت ۳ر میں ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اس سورے میں قیامت کی خصوصیات، اچھے اور برے انسانوں کی صفات اور پیغمبروں کے منکرین کے عذاب کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۷۱۔ سورۂ نوح کو نوح کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نوح ایک پیغمبر کا نام ہے۔ جو نوحہ کرتے تھے اصلی نام عبد الغفار تھا جس کا ذکر پہلی آیت میں ہے۔

اس سورے میں جناب نوح علیہ السلام کے حالات کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۷۲۔ سورۂ جن کو جن کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: جن، سے مراد نظر نہ آنے والی مخلوق کہ جو پیغمبر اسلام پر ایمان لائے ان کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔ اس سورے میں اکثر جنوں کے حالات اور ان کا پیغمبر پر ایمان لانے کا تذکرہ ہے اور یہ کہ قرآن کے مقابلہ جو جھک گئے اور قیامت کا عقیدہ رکھا اور جنوں میں ایک گروہ کے مومن اور ایک گروہ کے کافر ہونے کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۷۳۔ سورۂ مزمل کو مزمل کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: مزمل کے معنی چادر کے ہیں اپنے آپ کو لپیٹنا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم اقدس پر جو چادر تھی اسی کا نام خدا نے اس سورے کے آغاز میں لیا۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رات کے وقت عبادت اور تلاوت قرآن کی دعوت قیامت کے مناظر، راہ خدا میں انفاق اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۲۷۴۔ سورۂ مدثر کو مدثر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: مدثر کے معنی چادر کے ہیں۔

اس سورے میں پیغمبر کا خدا کی طرف دعوت دینا، صبر و استقامت اور قیامت کے ہونے کی تاکید ہے جس کو قسم سے یاد کیا ہے نیز انسان کے اعمال اور اس کے انجام کے نتیجے کو بیان کیا ہے۔

سوال ۱۲۷۵۔ سورۂ قیامت کو قیامت کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: اس سورے میں قیامت سے روز محشر مراد ہے جس کا اس سورے میں ذکر آیا ہے۔

اس سورے میں زیادہ تر قیامت کے متعلق اور اس دن کے عجیب و غریب اور ہولناک حالات کا ذکر ہے اور دنیا سے آخرت کی طرف جانے کا تذکرہ ہے۔

سوال ۱۲۷۶۔ سورۂ انسان کو انسان کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: اسکا دوسرا نام دہر یعنی زمانہ ہے جس کا اس سورے کے اول میں ذکر ہے۔

انسان کی تخلیق، اہمیت قرآن، حاکمیت، مشیت الٰہی اور انسان کے خود مختار ہونے کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۷۷۔ سورۂ مرسلات کو مرسلات کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

بیان کریں؟

جواب: مرسلات کے معنی ارسال کرنا۔ فرشتوں کا ہوائیں چلانے کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔ اس میں زیادہ تر مطالب قیامت کے متعلق ہیں۔

سوال ۱۲۷۸. سورۂ نباء کو نباء کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نباء یعنی قیامت کے متعلق خبر اس کا ذکر اس سورے کی دوسری آیت میں ہے۔

اس سورے میں قیامت کے حوادث، زمین و آسمان میں خدا کی قدرت کے کرشمے، نیک لوگوں کے لئے آرام و آسائش اور ظالم و کفار کے لئے عذاب کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۷۹. سورۂ نازعات کو نازعات کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نازعات یعنی روح قبض کرنے والے فرشتے۔ جس کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔

اس سورہ میں قیامت کے حالات، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی داستان، فرعون کا انجام اور خدا کے علاوہ قیامت سے کوئی باخبر نہیں ہے، کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۸۰. سورۂ عبس کو عبس کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: عبس کے معنی منہ بنانا چہرہ تبدیل کرنا ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

نابینا شخص پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک آدمی آیا اور اس نے اسے دیکھ کر منہ بنایا اس کا ذکر پہلی ہی آیت میں ہے۔

یہ سورہ قیامت اور قرآن کے بارے میں ہے۔

سوال ۱۲۸۱۔ سورۂ تکویر کو تکویر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: تکویر یعنی دگرگون کرنا۔ یہ کہ خدا قیامت کے روز سورج سے اس کی روشنی لے لے گا اس کا ذکر سورے کے آغاز میں ہے۔

اس سورے میں قیامت کے روز دنیا کے ختم ہونے اور قرآن کی عظمت کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۸۲۔ سورۂ انفطار کو انفطار کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: انفطار کے معنی پارہ پارہ کرنا، ٹکڑے کرنا، یعنی اس سورے میں آسمان سے پردے ہٹ جائیں گے قیامت آجائے گی اور انسان کو خدائی نعمتوں اور فرشتوں کو مامور کرنے کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۸۳۔ سورۂ مطففین کو مطففین کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: مطففین کے معنی ناپ وتول میں کمی کرنے والے کے ہیں۔

جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں ہے کہ بدکار لوگوں کا قیامت کے دن کیا انجام ہوگا اور خدا کی عظیم نعمتیں نیک لوگوں سے کیا کہیں گی۔

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۲۸۴. سورۂ بروج کو بروج کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: بروج، برج کی جمع ہے یعنی ستارے۔ سورے کے شروع میں اس کا ذکر ہے۔

اس سورے میں اصحاب اخدود کی طرف اشارہ ہے، فرعون ونمرود کی داستان اور ظالم وستمگر قوموں کے نابود ہونے کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۸۵. سورۂ انشقاق کو انشقاق کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: انشقاق کا معنی پھٹ جانا۔ جب آسمان پھٹ جائے گا یعنی قیامت آجائے گی اس کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔

یہ سورہ قیامت کے بارے میں ہے۔

سوال ۱۲۸۶. سورۂ طارق کو طارق کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: طارق کے معنی آسمان پر چمکنے والا ستارہ جس کا ذکر اس سورے کی پہلی آیت میں ہے۔

اس سورے میں قیامت اور عظمت قرآن کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۸۷. سورۂ اعلیٰ کو اعلیٰ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: اعلیٰ کے معنی برتری کے ہیں یعنی خدا ہر چیز سے برتر واعلیٰ ہے جس کا ذکر سورے کے آغاز میں ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اس سورے میں خدا کے قوانین وفرامین کو بیان کیا ہے، جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ادائے رسالت کے بارے میں فرمائے، مومنین کے خاضع وخاشع ہونے اور کفار شقی وسنگدل ہونے کے عوامل کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۸۸. سورۂ غاشیہ کو غاشیہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: غاشیہ یعنی بے ہوش ہونا، دب جانا،

قیامت کے ناموں میں سے ایک نام ہے جس کا ذکر سورے کے آغاز میں ہے۔ اس سورے میں قیامت کے روز کی طرف اشارہ، توحید، آسمان وزمین اور پہاڑ کی خلقت کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۸۹. سورۂ فجر کو فجر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: فجر کے معنی صبح کے ہیں جس کا ذکر سورے کی ابتدا میں ہوا ہے۔

اس سورے میں کافروں کو عذاب سے ڈرایا گیا ہے، ستمگر قوموں میں سے عاد وثمود وفرعون کی طرف اشارہ اور انسانوں کے امتحان کا ذکر اور قیامت کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۹۰. سورۂ بلد کو بلد کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: بلد کے معنی شہر یعنی مکہ۔ جس کا ذکر اس سورے کے شروع میں کیا گیا ہے۔ انسان کی دنیوی زندگی، نعمات الٰہی اور انسان کی ناشکری، مومنین وکافرین کا انجام بیان ہوا ہے۔

سوال ۱۲۹۱. سورۂ شمس کو شمس کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: شمس یعنی سورج جو سورے کے شروع میں ذکر ہوا ہے۔
اس سورے میں تہذیب نفس، تطہیر قلب، طغیان گر ظالم قوموں کا ذکر ہے جیسے قوم ثمود۔

سوال ۱۲۹۲۔ سورۂ لیل کو لیل کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟
جواب: لیل یعنی رات۔ جس کا ذکر اس سورے کی ابتدا میں ہوا ہے۔
اس سورے میں لوگوں کے دو گروہ کا ذکر ہے ایک انفاق کرنے والا اور متقی دوسرا بخیل و منکر احسان۔

سوال ۱۲۹۳۔ سورۂ ضحیٰ کو ضحیٰ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟
جواب: ضحیٰ کے معنی ہیں چاشت کا وقت۔ جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔ اس سورے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بشارت دی کہ خدا تمہیں ہرگز تنہا نہیں چھوڑے گا، عطا کرنے کا وعدہ اور بخشش کا بیان ہے۔

سوال ۱۲۹۴۔ سورۂ انشراح کو انشراح کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان اور کریں؟
جواب: انشراح یعنی کشادہ و سیع۔ خدا نے پیغمبر کے سینے کو کشادہ کر دیا جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہوا ہے۔
اس سورے میں پیغمبر کے جانشین اور وزیر کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۹۵۔ سورۂ علق کو علق کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟
جواب: علق کے معنی خون کا لوتھڑا جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے
اس سورے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو قرأت و تلاوت قرآن کا دستور دیا اور

Presented by Ziaraat.Com

پھر انسان کی تخلیق اور اس کی ناشکری اور دردناک عذاب سے آگاہی کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۹۶۔ سورۂ قدر کو قدر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: قدر یعنی اندازہ شب قدر، جس کا ذکر اسی سورے میں آیا ہے۔

اس سورے میں قرآن کے نزول کا بیان، اہمیت شب قدر اور اس کی برکتوں کا ذکر ہے۔

سوال ۱۲۹۷۔ سورۂ بینہ کو بینہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: بینہ کے معنی دلیل اور ظاہر کرنا۔ سورے کے شروع میں اس کا ذکر ہے۔ اس سورے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت مشرکین کا اسلام کے مقابلہ میں آنا وغیرہ کی طرف اشارہ ہے۔

سوال ۱۲۹۸۔ سورۂ زلزال کو زلزال کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: زلزال یعنی قیامت کے روز زمین کو زلزلہ آئے گا جس کا ذکر اس سورے میں آیا ہے کہ قیامت کی نشانیوں میں سے زلزلہ کا آنا بھی ہے۔

سوال ۱۲۹۹۔ سورۂ عادیات کو عادیات کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: عادیات کا معنی دوڑنے والے گھوڑے۔ جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں جنگ ذات السلاسل جو حضرت علی علیہ السلام کی شان میں

Presented by Ziaraat.Com

نازل ہوئی یہ سورہ انسان کی کمزوری جیسے بخل و دنیا پرستی اور آخر میں قیامت کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۰ سورۂ قارعہ کو قارعہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: قارعہ کا معنی سخت آواز، قیامت کے ناموں میں سے ایک ہے۔ جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں قیامت اور مقدمات قیامت اور نیک و بد لوگوں کے اجر وثواب کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۱. سورۂ عصر کو عصر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: عصر کے معنی زمانہ کے ہیں، نماز عصر زمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امام زمانہ (عج) کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں ذکر ہے کہ روز قیامت، ایمان اور عمل صالح کے علاوہ سب نقصان میں ہونگے۔

سوال ۱۳۰۲. سورۂ تکاثر کو تکاثر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: تکاثر کے معنی فخر و مباہات اور مال کی زیادتی پر ان لوگوں کی سرزنش اور آخر سورہ میں قیامت کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۳. سورۂ ہمزہ کو ہمزہ کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: ہمزہ کے معنی عیب جو جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے

Presented by Ziaraat.Com

اس سورے میں ایسے لوگوں کا ذکر ہے جو مال کے جمع کرنے اور فقیر لوگوں کو حقارت سے دیکھنے اور مسخرہ کرنے اور ان کے لئے دردناک عذاب کا بیان ہے۔

سوال ۱۳۰۴. سورۂ فیل کو فیل کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: فیل یعنی ہاتھی۔ ابرہہ کے ہاتھی۔ جو خانہ کعبہ کو خراب کرنے کے لئے آئے تھے۔ اس سورے میں خدا کا ان کو نابود کرنے اور کعبہ کی خود حفاظت کرنے کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۵. سورۂ قریش کو قریش کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: قریش ایک قبیلہ ہے جس قبیلہ سے حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق ہے۔

اس سورے میں خدا نے، سیاست، عبادت اور آنحضرت کا شکریہ ادا کرنے کی دعوت دی ہے۔

سوال ۱۳۰۶. سورۂ ماعون کو ماعون کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: ماعون یعنی زکات۔ جس کا ذکر سورے کے آخر میں ہے۔

اس سورے میں منکرین قیامت کی صفات و کردار کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۷. سورۂ کوثر کو کوثر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: کوثر کے معنی خیر کثیر، اولاد کثیر، حوض کوثر، یا حضرت فاطمہ زہرا

Presented by Ziaraat.Com

ﷺ جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں خدا نے پیغمبر کو خیر کثیر و کوثر کی خوشخبری دی اور دشمنوں کو ابتر قرار دیا۔

سوال ۱۳۰۸۔ سورۂ کافرون کو کافرون کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: کافرون سے مراد کافر لوگ۔

اسی سورے کے آغاز میں ہے کہ جس وقت پیغمبر ﷺ کو قریش نے کہا آپ ایک سال ہمارے خدا کی عبادت کریں پھر ہم ایک سال آپ کے خدا کی عبادت کریں گے تو یہ سورہ نازل ہوا جس میں کفار کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۰۹۔ سورۂ نصر کو نصر کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: نصر کے معنی مدد کرنا۔ پیغمبر کی خدا نے مکہ میں مدد کی اور فتح ہوئی جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں لوگوں کا گروہ در گروہ اسلام لانے کا تذکرہ ہے۔

سوال ۱۳۱۰۔ سورۂ تبت کو تبت کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: یہ ابولہب کے متعلق نفرین ہے جو دشمن رسول ﷺ تھا جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں ابولہب اور اس کی بیوی کے جہنمی ہونے کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۱۱۔ سورۂ اخلاص کو اخلاص کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان

Presented by Ziaraat.Com

کریں؟

جواب: اخلاص یعنی خالص و پاک ہر قسم کے شرک سے۔

اس سورے میں توحید و وحدت پروردگار کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۱۲. سورۂ فلق کو فلق کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: فلق کے معنی شگافتہ کرنا، پھاڑنا، جس کا ذکر سورے کے شروع میں ہے۔

اس سورے میں خدا نے پیغمبروں کو خصوصا اور لوگوں کو اپنی پناہ میں رکھنے کا ذکر کیا ہے۔ خلاصہ یہ کہ اس میں شر اور اشرار کا ذکر ہے۔

سوال ۱۳۱۳. سورۂ ناس کو ناس کیوں کہتے ہیں اس کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: سورۂ ناس میں بھی لوگوں کے شر سے خدا کی پناہ میں آجانے کا ذکر ہے اس سورے سے واضح ہے کہ ہر شر و وسوسے سے خدا کی پناہ مانگو

Presented by Ziaraat.Com

# فصل شانزدہم

# کون سا سورہ کون سے حرف سے شروع ہوا، اس میں کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟ نیز قرآن کی آیات اور سوروں کے بارے میں دیگر ضروری معلومات

سوال ۱۳۱۴. قرآن کے سننے کے واجب ہونے پر کون سی آیت دلالت ہے؟

جواب: سورہ اعراف آیت ۲۰۴/ ﴿وَإِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ﴾

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۱۵ ۔قرآن کے مکی سورے پہچاننے کی کتنی علامتیں ونشانیاں ہیں؟

جواب: ۶ ؍علامتیں ہیں:

۱. کلّا

۲. یاایھا الناس

۳. یاایھا الذین امنوا

۴. گذشتہ لوگوں کے قصوں کا ذکر

۵. جو سورے بغیر حروف مقطعات کے ہوں

۶. جن سوروں میں حضرت آدم علیہ السلام اور ابلیس کا ذکر ہو۔

سوال ۱۳۱۶. مدنی سورے کی خصوصیات ذکر کریں؟

جواب: تقریباً پانچ خصوصیت ہیں:

۱. معاد کا ذکر۔

۲. منافقین کا ذکر۔

۳. اہل کتاب کی مذمت۔

۴. جنگ وجدال کا ذکر۔

۵. دین میں غلو کا ذکر ہونا۔

سوال ۱۳۱۷. قراء سبعہ کا سلسلہ کس سن سے شروع ہوا اور ان کے نام ذکر کریں؟

جواب: ۵۰ ؍ہجری سے ۱۹۰ ؍ہجری کے درمیان، نافع ابن کثیر ابوعمرو عاصم ہمزہ کسائی ابن عامر سے شروع ہوا۔

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۱۸. نافع قاری سے مراد کونسا نافع مراد ہے؟

جواب: ابوعبداللہ نافع بن ابی نعیم مدنی کنیت ابی مریم مدینہ میں ۱۷۶ر یا ۱۶۹ر میں فوت ہوا اور ام سلمہ کے غلام سے قرآن پڑھا ہے۔

سوال ۱۳۱۹. عاصم سے مراد کون سے عاصم ہیں؟

جواب: عامر بن ابی النجو د کوفی مراد ہے کہ جس کے راوی حفص وابوبکر عیاش ہیں۔

سوال ۱۳۲۰. ہمزہ سے مراد کون سے ہمزہ ہیں؟

جواب: ہمزہ بن حبیب زیات کوفی کہ جس نے صحابہ کا زمانہ درک کیا تھا۔

سوال ۱۳۲۱. کسائی سے مراد کون سے کسائی ہیں؟

جواب: بوالحسن کسائی کوفی کہ طوس یا شہر ری میں فوت ہوئے جس کے راوی حفص اور ابوالحارث ہیں۔

سوال ۱۳۲۲. ابوعمرو سے مراد کون سے ابوعمرو ہیں؟

جواب: ابوعمر بن علاء بصری دمشقی کہ جس کے راوی دوروریسی تھے جو زمان اموی میں امام مسجد و قاضی رہے ہیں جس کے راوی ہشام وابن ذکوان ہیں۔

سوال ۱۳۲۳. ابن عامر سے مراد کون سے ابن عامر ہیں؟

جواب: ابن عامر دمشقی کہ جو زمان اموی میں امام مسجد و قاضی رہے ہیں جس کے راوی ہشام وابن ذکوان تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۲۴. قرآن میں ایک حرفی حروف مقطعات کون سے ہیں؟

جواب: ص، ق، ن،

سوال ۱۳۲۵. قرآن میں دو حرفی حروف مقطعات کون سے ہیں؟

جواب: طہ، طس، یس، حم

سوال ۱۳۲۶. قرآن میں تین حرفی حروف مقطعات کون سے ہیں؟

جواب: الم، الر، طسم

سوال ۱۳۲۷. قرآن میں چار حرفی حروف مقطعات کون سے ہیں؟

جواب: المص، المر

سوال ۱۳۲۸. قرآن میں پانچ حرفی حروف مقطعات کون سے ہیں؟

جواب: کھیعص حمعسق

سوال ۱۳۲۹. قرآن کریم میں مکانوں اور پہاڑوں کے نام کون کون سے ہیں؟

جواب: بدر، یثرب، احد، حنین، مصر، بابل، احقاف، طور سینا، کہف، رقیم، صرد، ارم،

سوال ۱۳۳۰. قرآن میں کنیت والقاب کون کون سے ہیں؟

جواب: ابولہب، اسرائیل، ذوالقرنین، الیاس، ذوالکفل، فرعون ومسیح۔

سوال ۱۳۳۱. درخت وسبزیوں کے نام قرآن میں کون کون سے ہیں؟

جواب: اثل، بصل، بقل، رمان، خشب، رطب، ضریع، فاکہہ، نخل،

Presented by Ziaraat.Com

نبات، وغیرہ۔

سوال ۱۳۳۲. قرآن میں لباس وغیرہ کے نام کون کون سے ہیں؟

جواب: ثیاب، استبرق حریر، سندس، بوس، اکنہ، جلابیب، وغیرہ۔

سوال ۱۳۳۳. قرآن کے اوصاف قران میں کون کون سے ذکر کئے گئے ہیں؟

جواب: ہدی، قرآن عظیم، مبین، رحمت، شفا، ذکر، حکیم، مجید، تبیان، عزیز، امام، نور

سوال ۱۳۳۴. فارسی کے کون سے الفاظ قرآن میں ہیں؟

جواب: اباریق، ربیع، تنور جہنم، دینار، زنجبیل، سندس، قفل، کافور، مشک، مقالید وغیرہ

سوال ۱۳۳۵. کلمہ دین کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۹۲/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۳۶. کلمہ بعث کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۴۵/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۳۷. کلمہ مصیبت کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۷۵/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۳۸. کلمہ برّ کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۲۶/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۳۹. کلمہ لسان کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ۲۰/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۰. کلمہ جہیم کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۲۶/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۱. کلمہ حساب کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۲۹/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۲. کلمہ عقل کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۴۹/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۳. کلمہ حرث کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۱۴/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۴. کلمہ طہر کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۳۱/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۵. کلمہ صیام کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۱۴/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۶. کلمہ صف کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۵/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۷. کلمہ صالحات کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۱۶۷/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۴۸. کلمہ شہر کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۳۶۵/ بار آیا ہے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۴۹۔ کلمہ سلام کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۵۰/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۰۔ کلمہ رسل کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۳۶۸/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۱۔ کلمہ خیانت کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۱۶/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۲۔ کلمہ حرب کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۶/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۳۔ کلمہ تلاوت کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۶۲/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۴۔ کلمہ بخل کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۱۲/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۵۔ کلمہ ایمان کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۸۱۱/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۶۔ کلمہ انفاق کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۷۳/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۷۔ کلمہ الباب کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۶/ بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۸۔ کلمہ اجر کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ۱۰۸ / بار آیا ہے

سوال ۱۳۵۹. کلمہ مغفرت کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۳۳۴ / بار آیا ہے

سوال ۱۳۶۰. کلمہ مسلمان کتنی بار قرآن میں آیا ہے؟

جواب: ۴۱ / بار آیا ہے

سوال ۱۳۶۱. قرآن میں کتنی زبانوں کے الفاظ پائے جاتے ہیں؟

جواب: بارہ زبانوں کے الفاظ۔

۱. حبشی۔ ۲. فارسی ۳. نبطی ۴. قبطی ۵. سریانی۔
۶. یونانی ۷. مدنی ۸. رومی ۹. ترکی ۱۰. بربری
۱۱. عبری ۱۲. اردو

سوال ۱۳۶۲. اردو کے کون سے الفاظ قرآن میں ہیں؟

جواب: دینار، جہنم، جمعہ، جماعت، آدم، حوا، ابلیس، فردوس لوط، نوح، نماز، روزہ وغیرہ

سوال ۱۳۶۳. حبشی وعبرانی زبان کے کون سے الفاظ قرآن میں ہیں؟

جواب: اَبَّ ابابیل، ابراہیم، ابریق، ابلیس، رجز احبار ادریس وغیرہ

سوال ۱۳۶۴. کون سے سورے وآیت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کو دریائے نیل میں ڈالنے کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ طہٰ آیت ۳۹ /

سوال ۱۳۶۵. کون سے سورے وآیت میں فرعون کے لشکر کے

Presented by Ziaraat.Com

غرق ہونے کا ذکر ہے؟

جواب: سورہ طٰہ آیت ۳۲/ میں

سوال ۱۳۶۶۔ قرآن میں لفظ "تیہ" کس معنی میں استعمال ہوا ہے؟

جواب: تیہ کا معنی ایک بیابان جس میں بنی اسرائیل نے چالیس سال زندگی گزاری۔ کہ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام و ہارون علیہ السلام اور فرعون تھے۔

سوال ۱۳۶۷۔ حضرت ابراہیم قرآنی اعتبار سے کون سے شہر و ملک میں پیدا ہوئے تھے؟

جواب: شہر اور ملک بابل میں جو سرزمین عراق میں دجلہ و فرات کے درمیان واقع ہے۔

سوال ۱۳۶۸۔ سرزمین مصر کے کون سے واقعات قرآن میں بیان ہوئے؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ، بنی اسرائیل، فرعون کا ظلم، مومن آل فرعون، زن فرعون کے واقعات وغیرہ

سوال ۱۳۶۹۔ اصحاب اخدود کس کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: نصاریٰ نجران کیلئے

سوال ۱۳۷۰۔ گروہ حاضورہ کی ہلاکت کا ذکر کس سورے و آیت میں آیا ہے؟

جواب: سورہ حج آیت ۴۵/ میں ہے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۳۷۱۔ قوم حاضورہ کون سے ملک میں رہتی تھی؟

جواب: یمن میں

سوال ۱۳۷۲۔ کونسا ایسا سورہ ہے جو پیغمبر پر نازل ہوا تو اس کے بعد کبھی تبسم نہیں کیا؟

جواب: سورۂ ہود

سوال ۱۳۷۳۔ قرآن نے جہنم کا ایندھن کن چیزوں کو قرار دیا ہے؟

جواب: لوگ و پتھر

سوال ۱۳۷۴۔ کس آیت میں عورت کو جاہلیت کی زینت سے روکا گیا ہے؟

جواب: سورہ احزاب آیت ۳۳ ر

﴿وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ۔۔۔﴾

سوال ۱۳۷۵۔ قرآن کی رو سے شوہر پر بیوی کے کیا حقوق ہیں؟

جواب: نان و نفقہ، خرچ، حق مہر، معاشرتی سلوک

سوال ۱۳۷۶۔ آیت (ویطمون الطعام علی حبه مسکینا و یتیما و اسیرا﴾ سے کون سی ہستیاں مراد ہیں؟

جواب: حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین (بی بی فضہ)

سوال ۱۳۷۷۔ سورہ ماعون کس سے متعلق نازل ہوا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ابوسفیان سے

سوال ۱۳۷۸. قرآن کی رو سے جن وانس کی تخلیق کس لئے ہے؟

جواب: عبادت وبندگی خلاوند متعال کے لئے۔ سورہ ذاریات ۵۶/کی آیت شاہد ہے ﴿وما خلقت الجن والانس الا بعبدون﴾

سوال ۱۳۷۹. سورہ کافرون کا دوسرا نام ذکر کریں؟

جواب: سورہ حجد (انکار)

سوال ۱۳۸۰. یوم الدین کا کیا معنی ہے؟

جواب: یوم جزاوحساب

سوال ۱۳۸۱. اصحاب سبت کون تھے اور انکا کیا عمل تھا؟

جواب: یہودی تھے جن کو خدا نے ہفتہ کے دن شکار کرنے سے روکا تھا، وہ ہفتہ کے روز مچھلیوں کو اپنے اپنے گڑھوں میں بند کر لیتے اور اتوار کو شکار کرتے تھے۔

سوال ۱۳۸۲. جاہلیت کے زمانہ میں جمعہ کے دن کا کیا نام تھا؟

جواب: عروبة

سوال ۱۳۸۳. فبهت الذی کفر سے کیا مراد ہے؟

جواب: ملک نمرود بن کنعان

سوال ۱۳۸۴. والناشرات نشرا سے کیا مراد ہے؟

جواب: ملائکہ جب اپنے پروں کو فضا میں پھیلاتے ہیں

سوال ۱۳۸۵. سورہ فاطر کا دوسرا نام کیا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: سورہ الملائکۃ

سوال ۱۳۸۶. جب باپ مرجائے اوراس کی ایک بیٹی ہو تو اس کی وراثت کتنی ہے؟

جواب: باپ کے مال سے نصف ترکہ وارثت ہے

سوال ۱۳۸۷. قرآن کی تفسیر کا بہترین وسیلہ کیا ہے؟

جواب: قرآن کی تفسیر قرآن کے ذریعہ

سوال ۱۳۸۸. کون سی ایسی عبارت ہے جس کے فقط پہلے حصے کو پڑھنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے اور دوسرے حصے کے ساتھ مسلمان؟

جواب: لا الہ، الا اللہ، یہ امام صادق سے منقول ہے۔

سوال ۱۳۸۹. کون سی مسجد میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تغییر قبلہ کی آیت نازل ہوئی ہے؟

جواب: مدینہ میں مسجد بنی سلمہ یا ذی القبلتین کے نام سے معروف ہے۔

سوال ۱۳۹۰. قرآن میں کل کتنی علامات اور رموز وقف استعمال ہوئے ہیں؟

جواب: ۱۴/علامات

سوال ۱۳۹۱. قرآن مجید میں اخری حرف مقطعہ کس سورہ میں آیا ہے؟

جواب: سورہ ق

سوال ۱۳۹۲. قرآن کی کتنی سورتیں حروف مقطعات سے شروع ہوتی ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: پانچ سورتیں

سوال ۱۳۹۳. قرآن کی پہلے اور آخری سورے کا نام بتائیں جو حروف مقطعات سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سورہ بقرہ و ق

سوال ۱۳۹۴. قرآن میں کون کون سے حروف مقطعات استعمال ہوئے ہیں؟

جواب: الم، طسم، لمص، یس، الر، حم، المص، کھیعص، حم عسق، طق، طس، ن

سوال ۱۳۹۵. قرآن کے کتنے پاروں کا آغاز حروف مقطعات سے ہوتا ہے؟

جواب: دو پارے۔ پہلا اور ۲۶/

سوال ۱۳۹۶. قرآن کی کون سی علامت پر ٹھہرنا لازمی ہے؟

جواب: میم ہے

سوال ۱۳۹۷. قرآن میں وقف مطلق وقف جائز اور وقف مجوز کے لئے کون سی علامات استعمال ہوئی ہیں؟

جواب: وقف مطلق" ط " جائز کے لئے" ج "اور مجوز کے لئے " ز "

سوال ۱۳۹۸. قرآن کی دو علامتیں وقف اور سکتہ میں کیا فرق ہے؟

جواب: سکتہ میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے (سانس ٹوٹنے نہ پائے) جبکہ وقف

www.Ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

میں زیادہ ٹھہرنا ہوتا ہے۔

سوال ۱۳۹۹. صل کس چیز کا مخفف ہے؟

جواب: قد یوصل کا مخفف ہے کہ جن پر کبھی ٹھہرا جاتا ہے کبھی نہیں لیکن ٹھہرنا بہتر ہے۔

سوال ۱۴۰۰. تفسیر کے لغوی معنی بیان کریں؟

جواب: تشریح و وضاحت کرنا

سوال ۱۴۰۱. حافظ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جسے قرآن زبانی یاد ہو

سوال ۱۴۰۲. قرآن میں نقاط کس نے لگائے؟

جواب: ۸۶ھ ہجری میں، ابوالاسود دئلی نے

سوال ۱۴۰۳. قرآن کے نقطے کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: نقاط ابوالاسود دئلی

سوال ۱۴۰۴. قرآن میں اعراب کس سن میں لگائے گئے؟

جواب: ۷۳ھ ہجری میں

سوال ۱۴۰۵. قرآن میں تشدید و جزم کس نے لگائے؟

جواب: خلیل بن احمد بصری

سوال ۱۴۰۶. قرآن کریم کے ایک پارے کے تین چوتھائی حصہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: ثلث

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۰۷۔ کون سی آیت سورہ یاسین کا دل کہلاتی ہے؟

جواب: ﴿سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ﴾

سوال ۱۴۰۸۔ محکمات سے مراد کون سی آیات ہیں؟

جواب: وہ آیات جن کے معانی واضح ہوں

سوال ۱۴۰۹۔ قرآن میں متشابہات سے مراد کیا ہے؟

جواب: : وہ آیات جن کے معنی واضح نہ ہوں

سوال ۱۴۱۰۔ قرآن میں آیات محکمات کی تعداد زیادہ ہے یا متشابہات کی؟

جواب: محکمات کی

سوال ۱۴۱۱۔ آیات کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: وعدہ، وعید، آیات نصر، آیات نہی، تحریم آیات، تحلیل، تسبیح، مثال، قصص

سوال ۱۴۱۲۔ قرآن میں آیات تحریم کتنی ہیں؟

جواب: دوسو پچاس ۲۵۰ر

سوال ۱۴۱۳۔ قرآن میں آیات تسبیح ہیں؟

جواب: ۱۰۰ر

سوال ۱۴۱۴۔ قرآن کی کل کتنی منزلیں ہیں؟

جواب: سات منزلیں

سوال ۱۴۱۵۔ پہلی منزل میں کتنی سورتیں ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: چار سورتیں

سوال ۱۴۱۶۔ کتنی سورتیں حرف الف سے شروع ہوئی ہیں؟

جواب: ۱۴ر سورتیں آل عمران احزاب ابراہیم احقاف اخلاص اسرائیل اعراف اعلی انبیاء انشراح انشقاق انعام انفال انفطار

سوال ۱۴۱۷۔ کون سے سورے حرف باء سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: بقرہ، بلد، بروج، بینہ

سوال ۱۴۱۸۔ کون سے سورے حرف (ت) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: تبت، تحریم، معوذتین، تکویر، تغابن، توبہ

سوال ۱۴۱۹۔ کون سے سورے حرف (ص) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: (ص) صافات، صف

سوال ۱۴۲۰۔ کون سے سورے حرف (ج) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: جاثیہ، جمعہ، جن

سوال ۱۴۲۱۔ کون سے سورے حرف (ح) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: حاقہ، حجرات، حج، حجر، حشر، حدید

سوال ۱۴۲۲۔ کون سے سورے حرف (ش) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: شعراء، شمس، شوری،

سوال ۱۴۲۳۔ کون سے سورے حرف (د) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: دخان، دہر

سوال ۱۴۲۴۔ کون سے سورے حرف (ر) سے شروع ہوتے ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: رحمٰن، رعد، روم

سوال ۱۴۲۵. کون سے سورے حرف (ز) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: زخرف، زلزلہ، زمر

سوال ۱۴۲۶. کون سے سورے حرف (س) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: سبا، سجدہ

سوال ۱۴۲۷. کون سے سورے حرف (ط) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: طارق، طلاق، طور، طہٰ

سوال ۱۴۲۸. کون سا سورہ حرف (ض) سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: سورہ ضحیٰ

سوال ۱۴۲۹. کون سے سورے حرف (ع) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: عادیات، علق، عبس، عنکبوت، عصر

سوال ۱۴۳۰. کون سے سورے حرف (غ) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: غاشیہ

سوال ۱۴۳۱. کون سے سورے حرف (ف) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: فاتحہ، فرقان، فاطر، فصلت، فتح، فلق، فجر، فیل

سوال ۱۴۳۲. کون سے سورے حرف (ق) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: ق، قصص، قارعہ، قلم، قدر، قمر، قریش، قیامہ۔

سوال ۱۴۳۳. کون سے سورے حرف (ک) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: کافرون، کوثر، کہف

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۳۴۔ کون سے سورے حرف (ل) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: لقمان، لیل

سوال ۱۴۳۵۔ کون سا سورہ حرف (و) سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: واقعہ

سوال ۱۴۳۶۔ کون سے سورے حرف (ہ) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: ہمزہ، ہود

سوال ۱۴۳۷۔ کون سے سورے حرف (ی) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: یاسین، یوسف، یونس

سوال ۱۴۳۸۔ کون سے سورے حرف (م) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: مائدہ، مدثر، مطففین، منافقون، ماعون، مرسلات، معارج، مومن مجادلہ مریم ملک مومنون محمد، مزمل، ممتحنہ

سوال ۱۴۳۹۔ کون سے سورے حرف (ن) سے شروع ہوتے ہیں؟

جواب: نازعات، نحل، نوح، ناس، نساء، نور، نصر، نجم، نمل

سوال ۱۴۴۰۔ قرآن میں بہشت کے کتنے نام اور کون کون سے ہیں؟

جواب: جنت عدن، جنت الماویٰ، خلد، دار السلام، روضات الجنات، علیون، فردوس، نعیم، عالیة، دار القرار، دار المقام، طوبیٰ، دار الا خرة، فضل.

سوال ۱۴۴۱۔ قرآن میں جہنم کے نام کتنے اور کون سے ہیں؟

جواب: بئس الوردا المورود، الحافرہ دار الفاسقین،

Presented by Ziaraat.Com

السقر الشوی، الهاویہ بئس المصیر ،الجهیم ،الحطة الساهرة السموم اللظی ،بئس المعاد، جهنم ،دار البوار السعیر، سوء الدار النار.

سوال ۱۴۴۲۔ کتنے فرشتوں کے نام قرآن میں آئے ہیں؟

جواب: جبرئیل، ہاروت، ماروت، میکائیل، مالک

سوال ۱۴۴۳۔ قرآن مجید کی کن سورتوں میں سجدے مستحب ہیں؟

جواب: سورہ اعراف آخر آیت، نحل مریم ۵۸،۴۸، رج ۷۷/ نمل ۲۵/ انشقاق ۲۱/ رعد ۱۵/ اسری ۱۰۷/ رج آیت ۱۸/ فرقان سورہ ص ۲۴/

سوال ۱۴۴۴۔ قرآن میں اوامر ونواہی کی کتنی اقسام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: پانچ قسمیں ہیں۔

۱۔ اوامر ونواہی احکام ۲۔ عبادی ۳۔ ارشادی

۴۔ اخباری ۵۔ دعائی جیسے: ربنا لا تزغ قلوبنا...

سوال ۱۴۴۵۔ اگر قرآن کی جلد نجس ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ بے احترامی شمار ہوتی ہو تو اس کو پاک کرنا وجب ہے۔

سوال ۱۴۴۶۔ قرآن پر عین نجاست رکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: مطلقا حرام ہے خواہ وہ خشک ہو جیسے مردار خون وغیرہ

سوال ۱۴۴۷۔ قرآن کو نجس چیز سے لکھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: حرام ہے اگرچہ ایک حرف بھی ہو اگر لکھا گیا ہو تو اس کو پاک کرنا یا تراشنا واجب ہے

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۴۸۔ قرآن مجید میں کون سے رنگوں کا نام آیا ہے؟

جواب: اسود یعنی سیاہ، ابیض یعنی سفید، اخضر یعنی سبز، احمر یعنی سرخ، صفراء یعنی زرد۔

سوال ۱۴۴۹۔ قرأت وتلاوت قرآن میں کیا فرق ہے؟

جواب: قرأت کے معنی پڑھنا، تلاوت پڑھنے کے ساتھ ساتھ معانی والفاظ کی طرف توجہ کرنا کہ گویا ابھی نازل ہوا ہے۔

سوال ۱۴۵۰۔ آداب تلاوت قرآن ذکر کریں؟

جواب: باوضو ہونا مسواک کرنا بسم اللہ اور اعوذ باللہ کہنا، خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھنا، تدبر وفکر کے ساتھ قرآن کو دیکھ کر پڑھنا اچھی آواز کے ساتھ صحیح پڑھنا۔

سوال ۱۴۵۱۔ رموز سجاوندی کون کون سے ہیں اور کس کی طرف ان کی نسبت دی گئی ہے؟

جواب: رموز سجاوندی، م، ط، ج، ز، ص، لا، شیخ عبد اللہ سجاوندی جو اہلسنت کے قاریوں میں سے ہیں۔

سوال ۱۴۵۲۔ متاخرین کے نزدیک تجوید قرآن کے کون سے علامتیں ونشانیاں ہیں؟

جواب: قف، ق، صل، س، قف، ط، ص، ق، حسب، تین نقطے ہیں

سوال ۱۴۵۳۔ قرآن کو باوضو پڑھنے کے لئے کون سی آیت دلالت کرتی ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: ﴿لا یمسه الا المطهرون﴾ سورہ مزمل

سوال ۱۴۵۴۔ قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھنے کا حکم کون سے سورے و آیت میں آیا ہے؟

جواب: سورہ مزمل آیت ۴/ ﴿أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلاً﴾

سوال ۱۴۵۵۔ سورۂ فاتحہ کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۷/کلمات ۲۹/حروف ۱۴۲/

سوال ۱۴۵۶۔ سورۂ بقرہ کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۸۶/کلمات ۶۲۲۱/حروف ۲۵۵۰۰/

سوال ۱۴۵۷۔ سورۂ نساء کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۷۶/ کلمات ۳۷۴۵/حروف ۱۶۰۳۰/

سوال ۱۴۵۸۔ سورۂ آل عمران کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۰۰/کلمات ۳۴۸۰/حروف ۱۴۵۲۵/

سوال ۱۴۵۹۔ سورۂ قارعہ کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۷۶/کلمات ۳۷۴۵/حروف ۱۶۰۳۰/

سوال ۱۴۶۰۔ سورۂ مائدہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲۰/کلمات ۲۸۰۴/حروف ۱۱۹۳۳/

سوال ۱۴۶۱۔ سورۂ انعام کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۶۵/کلمات ۳۸۵۰/حروف ۱۲۲۵۴/

Presented by Ziaraat.Com

سوال۱۴۶۲۔ سورۂ اعراف کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۰۶ / کلمات ۳۸۲۵ / حروف ۱۳۸۷۷ /

سوال۱۴۶۳۔ سورۂ انفال کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۷۵ / کلمات ۱۰۹۵ / حروف ۵۰۸۰ /

سوال۱۴۶۴۔ سورۂ توبہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲۹ / کلمات ۴۰۹۸ / حروف ۱۰۴۸۸ /

سوال۱۴۶۵۔ سورۂ یونس کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۰۹ / کلمات ۱۸۳۲ / حروف ۷۵۶۷ /

سوال۱۴۶۶۔ سورۂ ہود کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲۳ / کلمات ۱۷۱۵ / حروف ۷۵۱۳ /

سوال۱۴۶۷۔ سورۂ یوسف کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱۱ / کلمات ۱۷۶۶ / حروف ۷۱۶۶۹ /

سوال ۱۴۶۸۔ سورۂ رعد کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴۳ / کلمات ۸۵۵ / حروف ۳۵۰۶ /

سوال ۱۴۶۹۔ سورۂ ابراہیم علیہ السلام کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵۲ / کلمات ۸۳۱ / حروف ۳۴۳۴ /

سوال ۱۴۷۰۔ سورۂ حجر کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۹۹ / کلمات ۶۵۴ / حروف ۲۷۶۰

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۷۱. سورۂ نحل کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲۸/ کلمات ۲۸۴۰/ حروف ۷۷۰۷/

سوال ۱۴۷۲. سورۂ الاسراء کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱۱/ کلمات ۱۵۳۳/ ۶۴۶۰/

سوال ۱۴۷۳. سورۂ کہف کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱۰/ کلمات ۱۵۷۹/ حروف ۶۳۶۰/

سوال ۱۴۷۴. سورۂ مریم کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۹۸/ کلمات ۹۸۲/ حروف ۳۸۰۲/

سوال ۱۴۷۵. سورۂ طہٰ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۳۵/ کلمات ۱۳۴۱/ حروف ۵۲۴۲/

سوال ۱۴۷۶. سورۂ انبیا کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱۲/ کلمات ۱۱۶۸/ حروف ۴۸۹۰/

سوال ۱۴۷۷. سورۂ حج کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۷۸/ کلمات ۱۲۹۱/ حروف ۵۰۷۰/

سوال ۱۴۷۸. سورۂ ذاریات کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com

جواب: آیات ۶۰ / کلمات ۳۶۰ حروف ۱۲۸۷ /

سوال ۱۴۷۹۔ سورۂ طور کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴۹ / کلمات ۳۱۲ / حروف ۱۵۰۰ /

سوال ۱۴۸۰۔ سورۂ نجم کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۶۲ / کلمات ۳۰۸ / حروف ۱۴۰۵ /

سوال ۱۴۸۱۔ سورۂ قمر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵۵ / کلمات ۳۴۲ / حروف ۱۴۲۰ /

سوال ۱۴۸۲۔ سورۂ رحمٰن کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۷۸ / کلمات ۳۵۱ / حروف ۱۶۳۶ /

سوال ۱۴۸۳۔ سورۂ واقعہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۹۶ / کلمات ۳۷۷ / حروف ۱۷۰۳ /

سوال ۱۴۸۴۔ سورۂ حدید کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۹ / کلمات ۵۴۴ / حروف ۱۷۹۲ /

سوال ۱۴۸۵۔ سورۂ مجادلہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۲ / کلمات ۴۷۳ / حروف ۱۹۱۳ /

سوال ۱۴۸۶۔ سورۂ حشر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۴ / کلمات ۴۴۵ / حروف ۱۹۱۳ /

سوال ۱۴۸۷۔ سورۂ ممتحنہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۳ / کلمات ۳۴۸ / حروف ۱۵۱۰ /

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۸۸۔ سورۂ صف کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۴/کلمات ۲۲۱/حروف ۹۰۰/

سوال ۱۴۸۹۔ سورۂ جمعہ کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱/کلمات ۱۸۰/حروف ۷۲۰/

سوال ۱۴۹۰۔ سورۂ منافقون کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱/کلمات ۱۸۰/حروف ۷۷۶/

سوال ۱۴۹۱۔ سورۂ تغابن کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۸/کلمات ۲۴۱/حروف ۱۰۷۰/

سوال ۱۴۹۲۔ سورۂ طلاق کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲/کلمات ۴۶ /حروف ۱۱۶۰/

سوال ۱۴۹۳۔ سورۂ تحریم کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۲/کلمات ۲۴۶/حروف ۱۱۶۰/

سوال ۱۴۹۴۔ سورۂ ملک کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳۰/کلمات ۳۳۰/حروف ۱۳۰/

سوال ۱۴۹۵۔ سورۂ قلم کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵۲/کلمات ۳۰۰/حروف ۱۳۰۰/

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۴۹۶. سورۂ حاقہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۵۲ / کلمات ۲۵۶ / حروف ۱۰۸۴ /

سوال ۱۴۹۷. سورۂ معارج کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۴۴ / کلمات ۲۱۶ / حروف ۱۰۶۱ /

سوال ۱۴۹۸. سورۂ نوح کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۲۸ / کلمات ۲۲۴ / حروف ۹۲۹ /

سوال ۱۴۹۹. سورۂ جن کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۲۸ / کلمات ۲۳۵ / حروف ۸۷۰ /

سوال ۱۵۰۰. سورۂ مزمل کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۲۰ / کلمات ۲۸۵ / حروف ۸۳۸ /

سوال ۱۵۰۱. سورۂ مدثر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۵۶ / کلمات ۲۵۵ / حروف ۱۰۱۰ /

سوال ۱۵۰۲. سورۂ قیامت کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۴۰ / کلمات ۱۹۹ / حروف ۶۵۲ /

سوال ۱۵۰۳. سورۂ دہر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟
جواب: آیات ۳۱ / کلمات ۲۴۰ / حروف ۱۰۵۴ /

سوال ۱۵۰۴. سورۂ مرسلات کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے

Presented by Ziaraat.Com

حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵۰ر کلمات ۱۸۱ر حروف ۸۱۶ر

سوال ۱۵۰۵. سورۂ نباء کی کتنی آیات اور کتنے کلمات ہیں؟

جواب: آیات ۴۰ر کلمات ۱۷۳ر ہیں

سوال ۱۵۰۵. سورۂ نبا کے کتنے حروف ہیں؟

جواب: اس کے حروف ۷۷۰ر ہیں

سوال ۱۵۰۷. سورۂ نازعات کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴۶ر کلمات ۱۳۹ر حروف ۷۵۳ر

سوال ۱۵۰۸. سورۂ عبس کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴۲ر کلمات ۱۳۳ر حروف ۵۳۳ر

سوال ۱۵۰۹. سورۂ انفطار کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۹ر کلمات ۸۰ر حروف ۳۲۸ر

سوال ۱۵۱۰. سورۂ مطففین کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳۶ر کلمات ۱۷۷ر حروف ۸۳۰ر

سوال ۱۵۱۱. سورۂ انشقاق کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۵ر کلمات ۹۰ر حروف ۴۳۰ر

سوال ۱۵۱۲. سورۂ بروج کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۲ر کلمات ۱۰۹ر حروف ۴۵۸ر

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۵۱۳۔ سورۂ طارق کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۷ / کلمات ۶۱ / حروف ۲۴۵ /

سوال ۱۵۱۴۔ سورۂ اعلیٰ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۹ / کلمات ۷۲ / حروف ۲۷۰ /

سوال ۱۵۱۵۔ سورۂ غاشیہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۶ / کلمات ۷۲ / حروف ۳۴۰ /

سوال ۱۵۱۶۔ سورۂ فجر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳۰ / کلمات ۱۳۷ / حروف ۵۷۷ /

سوال ۱۵۱۷۔ سورۂ بلد کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۰ / کلمات ۸۲ / حروف ۳۳۰ /

سوال ۱۵۱۸۔ سورۂ شمس کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۴ / کلمات ۵۴ / حروف ۲۴۷ /

سوال ۱۵۱۹۔ سورۂ لیل کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۲۱ / کلمات ۷۱ / حروف ۳۰۲ /

سوال ۱۵۲۰۔ سورۂ ضحیٰ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱ / کلمات ۴۰ / حروف ۱۹۲ /

سوال ۱۵۲۱۔ سورۂ انشراح کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۸ / کلمات ۲۷ / حروف ۱۰۳ /

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۵۲۲۔ سورۂ تین کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۸، کلمات ۳۴، حروف ۱۵۰۔

سوال ۱۵۲۳۔ سورۂ علق کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۹، کلمات ۹۲، حروف ۲۸۰۔

سوال ۱۵۲۴۔ سورۂ قدر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵، کلمات ۳۰، حروف ۱۱۲۔

سوال ۱۵۲۵۔ سورۂ بینہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۸، کلمات ۹۴، حروف ۳۹۲۔

سوال ۱۵۲۶۔ سورۂ زالزال کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۸، کلمات ۳۵، حروف ۱۴۹۔

سوال ۱۵۲۷۔ سورۂ عادیات کی کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱، کلمات ۴۰، حروف ۱۶۳۔

سوال ۱۵۲۸۔ سورۂ قارعہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۱۱، کلمات ۳۶، حروف ۱۵۰۔

سوال ۱۵۲۹۔ سورۂ تکاثر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۸، کلمات ۲۸، حروف ۱۲۰۔

سوال ۱۵۳۰۔ سورۂ عصر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

جواب: آیات ۳ رکلمات ۱۴ رحروف ۶۸ ر

سوال ۱۵۳۱۔سورۂ ہمزہ کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۹ رکلمات ۳۳ رحروف ۹۶ ر

سوال ۱۵۳۲۔ سورۂ فیل کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵ رکلمات ۲۳ رحروف ۹۶ ر

سوال ۱۵۳۳۔ سورۂ قریش کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴ رکلمات ۱۷ رحروف ۹۳ ر

سوال ۱۵۳۴۔سورۂ ماعون کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۷ رکلمات ۲۵ رحروف ۱۲۵ ر

سوال ۱۵۳۵۔ سورۂ کوثر کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳ رکلمات ۱۰ رحروف ۴۲ ر

سوال ۱۵۳۶۔ سورۂ کافرون کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳ رکلمات ۲۵ رحروف ۱۲۵ ر

سوال ۱۵۳۷۔ سورۂ نصر کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۶ رکلمات ۲۶ رحروف ۹۴ ر

سوال ۱۵۳۸۔سورۂ لہب کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۳ رکلمات ۱۹ رحروف ۷۷ ر

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

سوال ۱۵۳۹۔ سورۂ اخلاص کی کتنی آیات کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۴/ کلمات ۱۵/ حروف ۴۷/

سوال ۱۵۴۰۔ سورۂ فلق کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۵/ کلمات ۲۳/ حروف ۷۴/

سوال ۱۵۴۱۔ سورۂ ناس کی کتنی آیات، کتنے کلمات اور کتنے حروف ہیں؟

جواب: آیات ۶/ کلمات ۲۰/ حروف ۷۹/

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

NAJAFI BOOK LIBRARY
Shop No. 11
M.A. Heights
Soldier Bazar #2
KARACHI
PH. 7211795

# درج ذیل وہ کتابیں جن سے استفادہ کیا گیا

قرآن کریم: ترجمہ حافظ فرمان علی صاحب ۱۹۸۱ء پیر محمد ابراہیم ٹرسٹ کراچی

مرتضی رضوی علم الہدیٰ، جلاء القلوب، انتشارات دارالبشیر چاب اول قم ۱۴۲۲ھ ق

محقق، علی اشرف امامی استاد رہنما سید ضیاء الدین سجادی، پایان نامہ، ہدایت انسان در قرآن، دانشگاہ امام صادق ۱۳۷۰ھ ش

محقق، اراب نیتی استاد رہنما علی اکبر غفاری صنعت، پایان نامہ، از دیدگاہ قرآن، دانشگاہ امام صادق ۱۳۷۰ھ ش

نگارندہ محمد دضا توسلی استاد رہنما نور، پایان نامہ، تاریخ واعجاز قرآن از کتاب تاریخی، دانشگاہ تہران ۱۳۵۰ھ ش

محمد باقر محقق استاد محمد مشکوۃ تہران، پایان نامہ، از نظر قرآن ۱۳۵۱ھ ش

محقق، داود مصطفوی استاد سید محمد باقر حجت، پایان نامہ، جمع وتدوین قرآن، دانشگاہ تہران ۱۳۵۴ھ ش

محققہ فاطمہ انتصاری، پایان نامہ، موقعیت زن وقرآن، دانشگاہ تہران ۱۳۶۲ھ ش

محقق، انور عبداللہ زاد، استاد غلام علی افروز انسان وتربیت از دیدگاہ قرآن، دانشگاہ تہران

محققہ طیبہ یزدی استاد سید محمد باقر حجتی، پایان نامہ، محکم ومتشابہ قرآن، دانشگاہ تہران ۱۳۶۵-۶۶ھ ش

محمد ہادی معرفت مترجم محمد وکیلی، آموزش قرآن، ترجمہ والتمہید فی القرآن، سازمان تبلیغات معاونت پژوہش قم ۱۳۷۱ھ ش

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by Ziaraat.Com

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Presented by Ziaraat.Com

# ترویج اسلام اور فروغ آگہی کے لئے ادارہ کی کتب



ملنے کا پتہ

**مکتبۃ الرضا ۸ بیسمنٹ میاں مارکیٹ**

اردو بازار لاہور فون: ۷۲۳۵۱۹۶

Presented by Ziaraat.Com